شجرۂ نسب خانوادۂ رزاقیہ گیلانیہ

پروفیسر محمد حسین آزاد القادری

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

شجرۂ نسب خانوادۂ رزاقیہ گیلانیہ

پروفیسر محمد حسین آزاد القادری

Marfat.com

132272

کتابت کی اغلاط کو ذیل فہرست کے مطابق درست کریجئے

صفحہ نمبر	سطر نمبر	غلطی	تصحیح	صفحہ نمبر	سطر نمبر	غلطی	تصحیح	صفحہ نمبر	سطر نمبر	غلطی	تصحیح
ا	1	درباره	دربار	د	23	خاندان کے پاس رہا	حذف کریں	13	13	اور شے	اور جو شے
	3	و	محذوف سمجھیں		آخری سطر	بعد انسویں	یہ عمدہ انیسویں	14	4	نہیں ہے	ہے
	4	الجبلانی	الجیلانی	ھ	2	تحیقی	تحقیق		4	قدم رکھے	قدم نہ رکھے
	5	علنه	عنه		5	درود	پر درود	16	4	فاتح	فاتحہ
	11	تطہر	تطہیر		6	مجیں	مجھیں		9	غوثیہ	غوثیت
	12	ولالت	دلالت	حوالہ جات	13	عالیہ البدائیہ والنہائیہ	البدایة والنهایة		10	العزاوی	العزلوی
	13	اوڑ	اوڑھ		22	قلند	قلندر		21	دو سال	سال
	13	فاطمہ الزہرہ	الزہراء		13	والهنائية	والنهاية	18	7	امیر	امور
	14	تطہر	تطہیر	مقدمہ	13	عبداقادر	عبدالقادر	20	5	آ کے	آپ کے
	16	کرتے ہوئے اے	کرتے ہوئے کہا اے		6	ہیں	ہے		17	عہدہ	عمدہ
	آخری سطر	میرے	میری		6	میا	محمد	23	2	ستھری	ستری
ب	1	بارے تبلیغ ورسالت	میری رسالت	فہرست	31	شرف الاین	شرف الدین	24	16	آپ کیا	آپ کے
	2	زیدین	زید بن		32	الحضر یہ القادر	الحضرۃ القادریۃ	26	15	علم سے	علماء سے
	2	کیسی	کسی		9	صادق	صادق وامین		16	بھٹک	بھنک
	2	عباس	عباس نے		14	کو نبوت	کو اعلان نبوت		17	اے	سے
	3	زیدین	زید بن		13-19-20	آپ صلی اللہ علیہ وسلم	آپ رضی اللہ عنہ	27	6	دلجی	دلجمی
	3	چیچا	چچا		9	الامکانی	لامکانی		9	ہجڑوں	ہجروں
	3	کو	کرو		10-11	آپ صلی اللہ علیہ وسلم	آپ رضی اللہ عنہ		15	۳۴۵ھ	۱۳۴۵ھ
	4	کہ	کے		1	رضہ اللہ عنہ	رضی اللہ عنہ		17	شادی نہ کی	حذف کریں
	18	دانس	وانس		2	عبداللہ بن	عبداللہ بن طاہر		17	صاحب وحدیث	صاحب علم وحدیث
	آخر سے پہلے	تحقیق	تخصیص		19	سرداد	سردار		آخری سطر	مجاہد	مجاہدہ
	//	نوح رض	نوح ؑ		22	نائب	تائب	29	12	تیرے	حذف کریں
	آخری سطر	حضرت	حضرات	6	9	نعقیل	العقیل	32	3	طبعت	طبیعت
ج	4	کے	حذف کریں		17	دران	دوران		3	عاجزوانکساری	عاجزی وانکساری
	4	مرجمع	مرجع	7	4	الرسول	رسول		18	ہوئے	ہوئیں
	5	ذرے	ذریعے سے		21	نزع	نزاع	33	4	طبعت	طبیعت
	7	مضبوتی	مضبوطی	8	آخری سطر	اولیسہ	اولیسیہ	33	4	معینہ	معینیہ
	7	ہی	ہی یاد	9	11	غلام قادری	غلام سرور قادری	33 ·	13	درسول	در رسول
	14	تعالوندع ایناء	تعالوندع ابناء		آخری سطر	میں	ہیں	34	1	گیارہوں	گیارہویں
	14	سوار	سوا	10	5	بچے	بچے نے	34	3	مقالاجات	مقالہ جات
	14	بنا	ابناء		5	میں نے	ماں نے	34	9	سیاست دلچپی	سیاست سے دلچپی
	آخر سے پہلے	قاضی القضاۃ	حذف کریں		9	شلبونی	شلطونی	61	9	ن سید گل بادشاہ سے پہلے	سید احمد شاہ پڑھیں
د	1	۶۵۶ھ	۶۵۶ھ میں		10	زمین میں	سرزمین پر	102	65	امام ابو حنفیہ	امام ابو حنیفہ
	4	سیف الدحٰی	سیف الدین		20	حوال	حوالے	104	121	شہزادہ	تذکرہ شہزادگان
	9	صاحبزادو سید	صاحبزادے سید عبد		20	بر حقیقت	مبنی بر حقیقت	105	127	شہزادہ	تذکرہ شہزادگان
	12	حماد	حماۃ	12	12	مغرب	مغرب میں				
	14	زھۃ الخوالحر	زھۃ الخواطر		13	کاسادہ	کاسا سادہ				
	15	سے ہوں	سے ملا ہوں		19	کہ	کہہ				
	18	نقاہت	نقاہت	13	13	کشادہ روح	کشادہ رو				

Marfat.com

جملہ حقوق بحق پبلشر محفوظ ہیں

نام کتاب : شجرۂ نسب خانوادۂ رزاقیہ گیلانیہ

مطبع : ورسٹائیل پرنٹرز لاہور

اشاعت : نومبر ۱۹۹۹

پبلشر : مکتبہ قادریہ رزاقیہ دربار عالیہ سدرہ شریف ڈیرہ اسماعیل خاں

Marfat.com

132272

Marfat.com

انتساب

شیخ طریقت علامہ سید محمد انور گیلانی سجادہ نشین دربار عالیہ قادریہ سدرہ شریف کے

نام

سلسلہ قادریہ کے احباب طریقت کے لئے

جو

اس پرفتن دور میں اپنے شیخ کے دامن کرم سے وابستہ صراط مستقیم پر گامزن ہیں

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فخر المشائخ شہزادہ غوث الوریٰ علامہ سید محمد انور گیلانی سجادہ نشین دربارہ عالیہ قادریہ رزاقیہ

سدرہ شریف ڈیرہ اسماعیل خان

الحمد لله و كفى ثم والسلام على حبيبه المصطفى و على آله واصحابه ذوى الا جتبا، و على المولى السيد الكريم غوث الكونين الامام ابى محمد عبدالقادر الحسنى الحسينى الجبلانى و على المولى السيد ابى بكر تاج الملت والدين سيد عبدالرزاق رضى الله علنه اما بعد

قرآن وحدیث کے نصوص سے یہ امر مستبط و مستخرج ہے کہ حضور سید عالم ﷺ کی محبت جوہر ایمان ہے اسی طرح حضرات اہل بیت کی محبت اور عقیدت بھی ایمان کا تقاضا ہے ہر چند کہ انساب وخاندان کی تقسیم کا بنیادی مقصد امتیاز اور تعارف ہے۔ لیکن اس ضمن میں خانوادہ رسول ﷺ کو خاص شرف حاصل ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ رب العزت نے مجھے قریش کے بہترین خاندان میں مبعوث فرمایا، قیامت کے روز تمام نسب منقطع ہو جائیں گے سوائے میرے نسب کے۔ آپ ﷺ کے نسب پاک کا فیضان قیامت تک جاری رہے گا۔ قرآن پاک کی آیت تطہر اور آیت مؤدت اہل بیت کی شان پر ولالت کرتی نظر آتی ہیں۔ حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں

کہ حضور اکرم ﷺ ان کے گھر بستر پر آرام فرماتے اور ایک یمنی چادر اوڑھ رکھی تھی۔ ایسے عالم میں سیدہ فاطمہ الزہرہ ایک برتن لائیں جس میں کھانا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اپنے خاوند اور اپنے دونوں صاحبزادوں حسن و حسین کو بھی بلاؤ جب یہ کھانا کھا رہے تھے تو یہ آیت تطہر نازل ہوئی۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنی چادر مبارک کا کچھ حصہ ان پر ڈال کر انہیں ڈھانپ دیا۔ پھر چادر سے اپنا ہاتھ نکال کر آسمان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اے اللہ میرے یہ خاص اہل بیت ہیں، ان سے رجس اور ناپاکی زائل فرما اور انہیں خوب پاک فرمادے۔(۱)

آیت مؤدت میں یوں ارشاد ہوتا ہے

'اے رسول فرمادیجئے کہ میں تم سے اس امر پر کوئی اجر نہیں مانگتا دوستی اہل قرابت کے سوا اور جو کوئی نیکی کرے گا، ہم اس کے لئے اس میں ثواب بڑھائیں گے (۲) تفسیر روح البیان میں ہے کہ اس آیت کے نزول کے وقت حضونبی اکرم ﷺ سے کسی نے پوچھا یا رسول اللہ آپ کے اہل قرابت اور رشتہ داروں میں وہ کون لوگ ہیں جن کی دوستی ہم پر واجب کی گئی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا علیؓ، فاطمہؓ اور ان کی اولاد (۳)۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ رب العزت نے میرے اہل بیت کے معاملے میں مجھ سے یہ وعدہ فرمایا ہے کہ ان میں سے جس نے خدا کی توحید اور میرے

Marfat.com

بارے تبلیغ و نبوت کا اقرار کیا اسے عذاب نہیں دے گا۔(۴)

حضرت زید بن ثابت نے کیسی کی نماز جنازہ پڑھائی فراغت پر جب سوار ہونے لگے تو حضرت ابن عباسؓ ان کی رکاب تھام لی۔اس پر حضرت زید بن ثابت نے فرمایا اے رسول اللہ ﷺ کے چچا کے فرزند ایسانہ کو اور اسے چھوڑو۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ ہمیں علماء دین سے یہی سلوک کرنے کا حکم ہے۔ یہ سن کر حضرت زیدؓ نے حضرت ابن عباسؓ کے ہاتھ کو بوسہ دے کر فرمایا کہ ہمیں بھی یہ حکم دیا گیا ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے اہل بیت سے اس طرح پیش آئیں(۵)

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے فرمایا کہ اہل بیت کے معاملے میں حضرت محمد ﷺ کو سامنے رکھو(۶)

حضرت ابو ذرؓ سے روایت ہے کہ میں نے حضور ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ تم میرے اہل بیت کو اپنے نزدیک وہی حیثیت دو جو جسم میں سر کو اور سر میں دو آنکھوں کو ہوتی ہے اور سر ہدایت نہیں پاتا مگر دو آنکھوں سے(۷) گویا اہل بیت کی محبت جہاں جزو ایمان ہے وہاں ذہنی صلاحیتوں کو صراط مستقیم پر چلانے کا پیمانہ بھی ہے اہل بیت رسول کی شان میں گستاخی اور انہیں ایذا دینا اپنے ایمان کو زائل کرنے کے مترادف ہے۔ارشاد نبوی ہے۔ 'جس نے میرے اہل بیت اور قریب ترین رشتہ داروں کو ایذا پہنچائی اس نے یقیناً مجھے ایذا پہنچائی، جس نے مجھے ایذا پہنچائی اس نے اللہ کو ایذا پہنچائی'۔(۸) اس لئے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا میری محبت کی وجہ سے میرے اہل بیت کے ساتھ محبت رکھو۔(۹) کیونکہ جس شخص کی موت آل محمد کی محبت پر ہو گی اللہ تعالیٰ اس کی قبر کو فرشتوں کے لئے زیارت گاہ بنا دے گا(۱۰)۔ قرآن و حدیث سے ثابت ہے کہ اہل بیت کی محبت ایمان کی اصل ہے۔ حضرت امام شافعی فرماتے ہیں کہ

ان کان رفضاً حب آل محمد　　　فلیشهد الثقلان انی رافض

اگر آل محمد سے محبت کرنا رفض ہے تو جن و انس گواہ رہیں کہ میں رافضی ہوں۔ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دھلوی تفسیر عزیزی میں لکھتے ہیں۔

مور بے چارہ ہوس کرو کہ در کعبہ رسد　　　دست در پائے کبوتر زد و ناگاہ رسید

کمزور چیونٹی نے خواہش کی کہ در کعبہ تک پہنچ جائے تو اس نے کبوتر کے پاؤں پر ہاتھ مارا اور اچانک وہ وہاں پہنچ گئی۔اسی لئے حدیث میں مذکور ہے کہ 'میرے اہل بیت تمھارے اندر کشتی نوح کی مانند ہیں جو کوئی اس پر سوار ہو گیا اس نے نجات پائی اور جو کوئی اس سے پیچھے رہ گیا وہ غرق ہو گیا۔'

اہل بیت کی تحقیق اس مراتب و فضائل کے ساتھ اس وجہ سے ہے کہ حضرت نوحؑ کی کشتی ان کے عملی کمال کی شکل تھی۔اسی طرح حضرت اہل بیت کو بھی حق تعالیٰ نے جناب خاتم المرسلین ﷺ کی عملی کمال کی صورت میں بنایا جسے

Marfat.com

طریقت کہتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ کے عملی کمالات کسی ایسی مناسب شخصیت میں ہی جلوہ گر ہو سکتے ہیں جو روحانی طاقت میں اور معصومیت، شرافت اور مروت میں آپ ﷺ جیسا ہو۔ یہ مناسبت ولادت اور اصلیت و فرعیت کے تعلق کے بغیر ممکن نہیں۔ اور اان کمالات کو ان کی تمام شاخوں سمیت جو مختلف ولایات کا مرکز ہیں۔ اسی خاندان میں جاری کیا گیا اور اسی چشمہ فیض کو بر قرار رکھا گیا اور یہی اہل بیت اولیاء کے امت کے روحانی سلسلوں کا مرجع ہے اور جو کوئی اللہ کی رسی کو مضبوتی سے پکڑے گا چار و ناچار اس کے روحانی فیض کی سند ان بزرگوں کے قریب جاکر ختم ہوگی۔ اور وہ اسی کشتی میں بیٹھے گا۔ حدیث شریف میں مذکور ہے کہ جب یہ آیت کہ

'اس قصہ کشتی کو جس کے ڈر سے مومنوں کو غرق طوفان سے نجات حاصل ہوئی یاد رکھنے والے کان ہی رکھیں گے' نازل ہوئی آنحضرت ﷺ نے حضرت علی سے فرمایا میں نے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی کہ وہ تمھارے کانوں کو یاد رکھنے والا بنائے۔ اس شرف و مرتبہ کے لئے حضرت علیؓ کی تخصیص کرنے میں یہ نکتہ ہے کہ حضرت علی کے واسطے کے بغیر اہل بیت کے لئے کشتی کا تصور نہیں کیا جاسکتا۔ یہ مرتبہ اور اسرار باطن آپ ﷺ نے اپنے صاحبزادوں حسن و حسین کو تعلیم فرمائے جو کہ جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں (۱۱)۔

حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سبط رسول ﷺ سے ایک اموی نے کہا آپ کو ابن رسول کہا جاتا ہے حالانکہ آپؓ ابن علیؓ ہیں حضرت امام حسنؓ نے اموی کو جواب دیا کہ ہمیں تو اللہ تعالیٰ نے ابن رسول کہا ہے فرمایا آیت مباہلہ دیکھیں فقل تعالو ندع ابناء ناوا بناء کم۔ اس وقت ہمارے سوار رسول ﷺ کی کون سی اولاد تھی ہنا سے مراد ہم ہی ہیں (۱۲)

حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کے نسب کو ارشاد باری تعالیٰ کے مطابق رسالت مآب ﷺ کے ساتھ شرف انتساب حاصل ہے جدی و شیخی سید نا شیخ عبد القادر جیلانی حسنی اور حسینی ہونے کی وجہ سے عالی نسب پر فائز ہیں آپ کے نسب کی تحقیق اور آپ کے صاحبزادے سید نا شیخ المشائخ حسیب النسیب الشریف حضرت عبد الرزاق خلف الرشید حضرت غوث الاعظم کی اولاد پاک کا تذکرہ مسلمانان عالم کے لئے عموماً اور قادری نسبت رکھنے والوں کے لئے خصوصاً باعث عز و شرف ہے۔

حضرت ابو بکر تاج الدین عبد الرزاق سرکار غوث الاعظم کی اولاد میں سب سے زیادہ متقی زاہد و عابد اور دین کا علم رکھنے والے تھے (۱۳) سید نا شیخ عبد القادر جیلانی کے وصال کے بعد خرقہ ء خلافت، نقابت و تولیت، تبلیغ و اشاعت اور خانقاہ قادریہ کے انتظام و انصرام کی ذمہ داری آپ کے سپرد ہوئی آپ اپنے وقت کے قاضی القضاۃ اور نقیب الاشراف تھے آپ کے بعد یہ عہدہ آپ کے صاحبزادے حضرت ابو صالح نصر اور حضرت ابو نصر محمد بن ابو صالح نصر

Marfat.com

کے پاس رہا ۶۵۶ھ تاتاریوں نے بغداد پر حملہ کر کے اسے تباہ و برباد کر دیا حضرت ابو نصر محمد کے علاوہ بہت سارے سادات شہید ہو گئے۔ کچھ روپوش ہو گئے اور کچھ ہجرت کر گئے ان ہجرت کرنے والوں میں سید سیف الدین یحیٰ بن سید ظہیر الدین ابو مسعود احمد، ابو الفداء عماد الدین اسماعیل حاکم حماۃ کی طرف ہجرت کر گئے اور وہیں ۷۳۴ھ میں واصل بحق ہو کر نہر عاصی کے کنارے مدفون ہوئے (۱۴) سید سیف الدین یحیٰ کے ایک صاحبزادے سید شمس الدین محمد گیلانی الحموی ہوئے۔ جن سے دو بیٹے سید عبد القادر اور سید علاء الدین یحیٰ کے ایک صاحبزادے سید شمس الدین محمد گیلانی الحموی تھے جن سے دو بیٹے سید عبد القادر اور سید علاء الدین علی گیلانی پیدا ہوئے۔ سید عبد القادر لاولد فوت ہوئے اور سید علاء الدین علی گیلانی سے بیٹے سید بدر الدین حسن سید شمس الدین محمد اور سید نور الدین حسین پیدا ہوئے۔ (۱۵) سید بدر الدین کے ہاں دو بیٹے سید احمد ابو العباس اور سید شمس الدین محمد ہوئے سید احمد ابو العباس کے دو بیٹے عبد الباسط اور سید ابو النجاء تھے۔ سید شمس الدین محمد کے صاحبزاد سید الرزاق تھے جو وقت کے بہت بڑے شیخ تھے ۶ صفر ۹۰۱ھ فوت ہو کر حماۃ میں مدفون ہوئے۔ (۱۶)

خانوادو، رزاقیہ گیلانیہ کا سلسلہ نسب سید علاء الدین علی گیلانی کے صاحبزادوں سید شمس الدین محمد اور سید نور الدین حسین سے جاری ہوا اور آپ دونوں کی اولاد آج بھی بغداد حمص، حماد، شام و مصر اور بر صغیر پاک و ہند کے علاوہ دنیا کے دوسرے ممالک میں موجود ہے۔ (۱۷)

ملا علی قاری متوفی ۱۰۱۴ھ نے خانوادہ رزاقیہ کی اولاد پاک کے نسب کو بڑی تحقیق کے بعد نزھتہ الخواالحرمین بیان کیا ہے۔ آپ لکھتے ہیں کہ میں سید نور الدین حسین کی اولاد سے ہوں اور یہی بات علامہ یحیٰ تادنی نے قلائد الجواہر میں لکھی ہے کہ ۹۱۰ھ میں میں نے اپنے باپ کے ساتھ سید شرف الدین قاسم بن محی الدین یحیٰ ابن نور الدین حسین سے ملاقات کی اس وقت ان کی عمر پچاس سال تھی۔ (۱۸)

بغداد شریف عباسیہ خاندان کے بعد مختلف حکمرانوں کے قبضہ میں رہا۔ لیکن نقاہت و تولیت کا عہدہ بدستور خاندان رزاقیہ کے پاس رہا ۸۰ سال تک بغداد پر تاتاری قابض رہے سلطان ابو سعید بن سلطان خدا بندہ ہلاکو خاندان کے آخری حکمران تھے جو کہ مسلمان تھے ۷۳۶ تا ۷۷۶ھ بغداد شیخ حسن مملوک خاندان کے تسلط میں رہا (۱۹) ۷۹۳ھ تیمور چنگیزی نے بغداد پر حملہ کر کے قتل عام کیا مساجد اور خانقاہیں مسمار کر دیں ابھی تیموری زخم بھرا نہ تھا کہ جدید صفوی حکومت کے بانی شاہ اسماعیل نے بغداد پر چڑھائی کر کے عہد عباسیہ کی تمام یادگاریں مٹا دیں۔ (۲۰)

۱۶۳۸ء سلطان مراد چہارم عثمانی حکمران بغداد میں فاتح کی حیثیت سے داخل ہوا خاندان کے پاس رہا آخری نقیب الا شراف سید محمود رزاقی تھے (۲۲) ان کے بعد انیسویں صدی میں سیدنا عبد العزیز کی اولاد میں منتقل ہو گیا۔

Marfat.com

ملا علی قاریؒ اور علامہ یحییٰ تادنی کے بعد خانوادہ رزاقیہ گیلانیہ کے شجرہ نسب کو عزیزی پروفیسر محمد حسین آزاد القادری نے کتب تاریخ اور خاندان قادریہ کے مستند تذکروں کے تحقیقی مطالعہ کے بعد زمانی اعتبار سے مرتب کر کے عظیم خدمت سرانجام دی ہے اللہ تعالیٰ ان کے علم و عمل میں اضافہ فرمائے۔ میں اپنے مریدین کو نصیحت کرتا ہوں کہ پانچ وقت کی نماز پابندی سے ادا کریں طریقہ قادریہ کے مطابق ہر نماز کے بعد ۱۱بار استغفار، ۱۱بار لاالہ الااللہ اور ۱۱بار حضور اکرم ﷺ درود شریف بھیجیں۔ مشکل اوقات میں ۱۱بار چاروں قل شریف پڑھیں۔ اللہ رب العزت تنگدستی آسان فرمائے گا۔ اور برکت عطا کرے گا۔

جھوٹ غیبت، کینہ، بغض اور حسد سے اجتناب کریں۔ راست گوئی کو اپنا شعار بنائیں، محبت والفت اور اتحاد و یگانگت کی راہ ہموار کریں۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دیتے رہیں۔ یہی دین محمدی کا مفہوم ہے۔ اور اسی میں ہم سب کی نجات ہے اللہ جل شانہ ہمیں صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

Marfat.com

حوالہ جات

۱) حضرت پیر مہر علی شاہ، تصفیّہ مابین سنی وشیعہ ص ۵۵ مطبوعہ لاہور مارچ ۱۹۷۹ھ

۲) القرآن ۴۲ : ۲۳

۳) حضرت پیر مہر علی شاہ، تصفیّہ مابین سنی وشیعہ ص ۵۹ مطبوعہ لاہور مارچ ۱۹۷۹ھ

۴) علامہ ابن حجر الہیتمی، مکیّ، الصواعق المحرقہ مطبوعہ مصر ص ۱۱۴

۵) علامہ الشیخ شبلنجی، نورالابصار ص ۱۰۵ مطبوعہ مصر

۶) بخاری شریف، جلد اباب فراست رسول ص ۵۳۰ مطبوعہ بمبئی ۱۲۸۰ء

۷) اسعاف الراغبین، برحاشیہ نورالصبار، از الشیخ محمد الصبّان مصری ص ۱۰۳ مطبوعہ مصر

۸) ابن حجر عسقلانی، الاصابہ فی تمیز اصحابہ جلد ۴ ص ۲۹۷-۰۸ مطبوعہ مصر ۱۳۲۸ھ

۹) مشکواۃ شریف، باب مناقب اہل بیت ص ۵۷۳ مطبوعہ کانپور بھارت

۱۰) علامہ اسماعیل حقی، تفسیر روح البیان جلد ۳ ص ۵۳۴ مطبوعہ مصر ۱۲۶۴ھ

۱۱) تعلیم غوثیہ، ص ۶۸ نفیس اکیڈمی کراچی ۱۹۷۶ء

۱۲) ملفوظات مہریہ ص ۴۵ مطبوعہ لاہور ۱۹۷۴ء

۱۳) ابن کثیر عماد الدین عالیہ البدائیہ والنہائیہ مترجم فتح پوری مطبوعہ کراچی جلد ۱۲ ص ۴۶۱ ۱۹۸۰ء

۱۴) علامہ یحییٰ تادنی، قلائد الجواہر ص ۱۷۲ مطبوعہ کراچی ۱۹۷۸ء

۱۵) علامہ یحییٰ تادنی، قلائد الجواہر ص ۱۷۲ مطبوعہ کراچی ۱۹۷۸ء

۱۶) علامہ یحییٰ تادنی، قلائد الجواہر ص ۱۷۲ مطبوعہ کراچی ۱۹۷۸ء

۱۷) ملا علی قاری، نزہتہ الخواطر مطبوعہ فیصل آباد ص ۲۸

۱۸) علامہ یحییٰ تادنی، قلائد الجواہر ص ۱۷۲ مطبوعہ کراچی ۱۹۷۸ء

۱۹) تاریخ ابن خلدون، ص ۷۷ جلد ۱۰

۲۰) محمود بریلوی، تاریخ ملک عراق ص ۲۶۷ ۱۹۵۱ء

۲۱) محمود بریلوی، تاریخ ملک عراق ص ۲۶۷ ۱۹۵۱ء

۲۲) غوث علی شاہ قلندر، تذکرہ غوثیہ ص ۹۸

Marfat.com

مقدمہ

شجرہ نسب خانوادہ رزاقیہ گیلانیہ کو تاریخی استناد کے ساتھ محفوظ کرنا اگرچہ ایک مشکل امر ہے اس کا حق صرف معلم الانساب ہی ادا کر سکتے ہیں مجھ جیسے کم علم اور تاریخ وادب سے ناواقف کے لئے ممکن نہ ہوتا اگر میرے شیخ محترم کی رہنمائی اور نظر کرم شامل حال نہ ہوتی یہ عطائے رب جلیل ہے کہ رزاقیہ شجرہ نسب کی ترتیب و تدوین کی سعادت سے بہرہ ور ہو رہا ہوں "ایں سعادت بزور بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ"

رزاقیہ شجرہ نسب سیدنا شیخ عبدالرزاق بن شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی اولاد پاک کا تذکرہ ہے ملا علی قاری نزھۃ الخواطر میں اور علامہ یحییٰ تادنی قلائد الجواہر میں خانوادہ گیلانیہ رزاقیہ کے نسب پر تحقیقی کام کر چکے ہیں ان بنیادی مصادر کے پیش نظر شیخ محترم نے خواہش کا اظہار کیا کہ مستند حوالہ جات کے ساتھ اگر خانوادہ رزاقیہ کے نسب پاک کو کتابی صورت میں محفوظ کر دیا جائے تو یہ ایک عظیم خدمت ہوگی۔ اور کمال شفقت سے راقم الحروف کو یہ ذمہ داری سپرد کرتے ہوئے فرمایا "کہ بیٹا اس خاندان عالیہ کے نسب پاک پر کام کا آغاز کرو میرا غوث بڑا کریم ہے وہ تمہاری مدد کرے گا" یہ الفاظ بارگاہ رب العزت میں بتوسل سرکار غوث الاعظم شرف قبولیت سے سرفراز ہو کر رزاقیہ شجرہ نسب کی ترتیب و تدوین کا پیش خیمہ ثابت ہوئے۔

سید عفیف الدین حسین الحموی کی کتاب مفتاح العارفین اور عماد الدین مسعود گیلانی کی تالیف نسب الشیخ محی الدین عبدالقادر الگیلانی مطبوعہ دمشق نے میرے ارادے کو تقویت دی دمشق اور عراق کے مستند خانوادہ گیلانیہ کے شجرہ جات اور تذکروں سے حوصلہ ملا اور قادریہ نسبت نے جذبہ شوق کے لئے مہمیز کا کام کیا۔

کام کا آغاز ہوا اور عرصہ تین سال کی شب و روز محنت اور تحقیقی کاوش کے بعد آج اس بابرکت کام سے عہدہ برآ ہو رہا ہوں اس کاوش میں جدت کا دعوی تو نہیں تاہم کوشش کے نتیجہ میں ایک ایسی تحریر وجود میں آگئی ہے جو اہل بیت سے محبت رکھنے والوں کے لئے بالعموم اور قادری نسبت رکھنے والوں کے لئے بالخصوص باعث تسکین قلب و جاں ہے اس کتاب کے اردو متن کا انگریزی اور عربی زبان میں بھی ترجمہ کیا گیا ہے تا کہ عربی اور انگریزی زبان بولنے اور سمجھنے والے بھی اس سے استفادہ کر سکیں،

اللہ رب العزت کے حضور التجا ہے کہ میری یہ کاوش بارگاہ غوثیت میں شرف قبولیت سے سرفراز ہو اور میرے شیخ محترم فخر المشائخ شہزادہ غوث الوریٰ علامہ سید محمد انور گیلانی سجادہ نشین دربار عالیہ قادریہ غوثیہ رزاقیہ

Marfat.com

سدرہ شریف کے حضور میری یہ کوشش مستجاب ہو۔ کیونکہ

درمکتب نیاز چہ حرف وکدام سطر　　　چوں خامہ سجدہ ایست کہ صد جانوشتہ ایم

ڈاکٹر محمد شریف سیالوی چیئرمین شعبہ عربی بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان کا خاص طور پر ممنون ہوں کہ انہوں نے نہ صرف اردو متن کا عربی زبان میں ترجمہ کیا بلکہ رزاقیہ نسب کی ترتیب وتدون میں ہر قدم رہنمائی فرمائی۔ پروفیسر شفاعت یار خان نے انگریزی ترجمہ کے ساتھ مستند کتابوں مفید مشوروں اور اپنے قیمتی وقت سے جس انداز سے معاونت فرمائی ہیں اس کے لئے تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ حاجی حمید اللہ خان میا اطہر القادری اور علامہ عبدالرشید سیالوی کا صمیم قلب سے شکر گزار ہوں کہ انہوں نے کتب کی فراہمی اور ہر گام مفید مشوروں سے معاونت فرمائی۔

پروفیسر رائے فضل الٰہی نے مسودہ کی نظر ثانی کے مرحلہ میں مدد فرمائی اس پر ان کا ممنون ہوں۔ برادرم محمد اسلم پرویز شاد قادری بھی شکریہ کے مستحق ہیں کہ ان کی طرف سے حوصلہ افزائی ہر لحہ میرے شریک حال رہی۔ علم دوست جھنڈیر برادران کا شکر گزار ہوں جن کی منفرد عظیم الشان لائبریری سے کتاب کی تیاری میں راقم نے بھر پور استفادہ کیا۔

مجھے اعتراف ہے کہ اگر میرے محترم ساتھی شیخ محمد نواز اور ممتاز مفتی رفیق کار نہ ہوتے تو میں شاید آج اس سعادت سے عہدہ بر آنہ ہو سکتا ان مخلص اور بے لوث ساتھیوں کا دل کی گہرائیوں سے ممنون ہوں پیٹرومین کالج کے پرنسپل سید سعد شاہ گیلانی کے شکریہ کا خوشگوار فریضہ راقم الحروف کی ذمہ داری ہے انہوں نے نہ صرف کمپیوٹر لیب اور عملے کا تعاون فراہم کیا بلکہ خاندانی ریت نبھاتے ہوئے ہمیشہ محبتیں نچھاور کرتے رہے۔ محمد جاوید اختر ایڈ من آفیسر اشتیاق محمود اور برخوردار طارق کا ممنون ہوں کہ انہوں نے انگلش مسودے کی تیاری کے علاوہ ہر طرح کا تعاون عطا فرمایا۔ میں ورسٹائل پرنٹرز لاہور کے مالک خالد فاروق اور ان کے عملے کے خالد محمود اور مسز نگہت زاہد کا تہہ دل سے ممنون ہوں جنھوں نے شب وروز ایک کر کے اس کتاب کو حتمی شکل عطا کی۔

آخر میں اپنے بیٹے عادل حسین قادری اور نوید حسین قادری جنہوں نے شجرہ نسب کی ترتیب وتدوین میں معاونت کی، خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

پروفیسر محمد حسین آزاد القادری
ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن کالجز ملتان

۸ نومبر ۱۹۹۹ء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین | صفحہ نمبر

۱)	محسن انسانیت حضرت محمد ﷺ	۱
۲)	شیخ عبدالقادر جیلانیؒ	۴
۳)	تعلیمات	۱۳
۴)	تصانیف	۱۵
۵)	یوم وصال	۱۵
۶)	گیارھویں شریف	۱۵
۷)	اولاد	۱۸
۹)	سیدنا شیخ عبدالرزاقؒ	۱۸
۱۰)	شیخ ابو صالح نصر قاضی القضاء	۲۱
۱۱)	شیخ ابو نصر محمد	۲۴
۱۲)	شیخ ظہیر الدین ابو مسعود احمد	۲۴
۱۳)	شیخ سیف الدین یحیٰ	۲۵
۱۴)	شیخ شمس الدین محمد	۲۵
۱۵)	شیخ علاء الدین علی	۲۵
۱۶)	شیخ نور الدین حسین	۲۶
۱۷)	شیخ محی الدین یحیٰ	۲۶
۱۸)	شیخ شرف الدین قاسم	۲۶
۱۹)	شیخ شہاب الدین احمد	۲۶
۱۷)	شیخ علاء الدین علی الہاشمی	۲۷

Marfat.com

۱۸) سید شیخ محمد حسین شاہ ۲۷
۱۹) سید علی شاہ جیلانی ۲۷
۲۰) سید ناد علی شاہ ۲۷
۲۱) سید کریم شاہ جیلانی ۲۷
۲۲) سید بدالدین حیدر شاہ منور ۲۸
۲۳) سید عفیف الدین حسین شاہ حموی الجیلانی ۲۸
۲۴) سید شیخ عبداللہ المعروف سید بادشاہ ۲۹
۲۵) سید گل بادشاہ جیلانی ۳۴
۲۶) سید احمد شاہ جیلانی ۳۴
۲۷) سید محمد انور شاہ جیلانی نقیب الاشراف سجادہ نشین سدرہ شریف ۳۵

عربی ترجمہ ۳۸ تا ۶۵

شجرہ قادریہ رزاقیہ

سید الخلق محمد ﷺ ۶۸
۲۸) شیخ عبدالقادر جیلانیؒ ۶۹
۲۹) شیخ علاؤالدین علی الہاشمی ۷۰
۳۰) شیخ شمس الدین محمد بن شیخ علاؤالدین علی ۷۱
نقیب الاشراف دفین المصر
۳۱) سید محمد شمس الدین بن شیخ شرف الاین قاسم ۷۲
۳۲) نقیب الاشراف حمص حماۃ ۷۲
شیخ تاج العارفین ۷۲
شیخ سید مصطفی کلیدار الظریۃ القادر
۳۳)
بمفتاح بغداد شریف عراق ۷۳
۳۴) سید الشیخ محمد حسین شاہ ۷۳

Marfat.com

۳۵) سید شیخ عبداللہ المعروف سید بادشاہ جیلانی نقیب الاشراف پشاور	۷۳
۳۶) سید الشیخ محمد انور الگیلانی ابغدادی نقیب الاشراف	۷۳
۳۷) شیخ یحی بن شیخ علاؤالدین علی الھاشمی	۷۴
۳۸) شیخ تاج العارفین بن شیخ شرف الدین نقیب الاشراف حماۃ	۷۵
۳۹) شیخ ابراہیم نقیب الاشراف حماۃ	۷۶
۴۰) شیخ نعمان، شیخ رضا، شیخ عبدالرازق بن سید اسعد	۷۷
۴۱) سید ضیاء اللہ بن سید فارس	۷۸
۴۲) شیخ عبدالقادر بن الشیخ شرف الدین نقیب الاشرف حماۃ	۷۸
۴۳) شیخ علی بن شیخ سلیم	۷۹
۴۴) خیری محمد بن سلیم	۷۹
۴۵) شیخ اکو بن شیخ عبدالقادر	۷۹
۴۶) شیخ عبدالوہاب نقیب الاشرف حماۃ	۸۰
۴۷) سید توفیق بن سید احمد	۸۱
۴۸) شیخ عبداللہ الجذوب بن شیخ یاسین	۸۲
مفتی نقیب الاشرف حماۃ	
۴۹) شیخ ابو المسعود	۸۳
۵۰) شیخ عبداللہ	۸۳
۵۱) شیخ عبدالقادر	۸۳
۵۲) شیخ محمد امین نقیب الاشراف	۸۴
۵۳) شیخ محمد اشرف	۸۵
۵۴) شیخ عبدالقادر	۸۵
۵۵) شیخ حافظ، شیخ سلیم بن شیخ عبدالقادر	۸۵
۵۶) عبدالکریم	۸۶

Marfat.com

۵۷)	شیخ نسیب بن شیخ زین الدین	۸۷
۵۸)	سید فضل اللہ بغداد شریف	۸۷
۵۹)	سید عبد القادر، سید صالح، سید عبد اللہ، سید محمد ذاکی بن سید فضل اللہ بغداد شریف	۸۸
۶۰)	سید عثمان بن نسیب	۸۹
۶۱)	الشیخ حسین بن شیخ عمر مفتی نقیب الاشراف حماۃ	۸۹
۶۲)	شیخ احمد بن الشیخ ابو الفتوح	۹۰
۶۳)	الشیخ محمد علی بن الشیخ احمد الکبیر	۹۱
۶۴)	الشیخ بہاوالدین بن الشیخ احمد الکبیر	۹۲
۶۵)	الشیخ علی مفتی حماۃ	۹۳
۶۶)	الشیخ مکرم مفتی حماۃ	۹۴
۶۷)	الشیخ نجیب مفتی حماۃ	۹۵
۶۸)	شیخ نجیب ابو البرکات	۹۶
۶۹)	الشیخ مظہر، الرحمٰن، علی، محمد	۹۷
۷۰)	الشیخ عبد القادر	۹۸

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محسن انسانیت حضرت محمد ﷺ ۱۲ ربیع الاول ۲۱ اپریل ۵۷۱ء صبح صادق مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ ۱۲ ربیع الاول بمطابق ۸ جون ۶۳۲ء میں آپکا وصال ہوا۔ آپکا نسب حضرت ابراہیم سے اس طرح ملتا ہے حضرت محمد ﷺ بن حضرت عبداللہ بن، حضرت عبدالمطلب بن، حضرت ھاشم بن عبدالمناف بن قصی، بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوئی بن غالب بن فہر بن مالک، بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان بن ادو بن مقوم بن ناحور بن تیرح بن یعرب بن یشجب بن نابت بن حضرت اسماعیل بن حضرت ابراہیم (۱) اور والدہ کی طرف سے حضرت محمد ﷺ بن آمنہ بنت وہب بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب یہاں سے نسب مل جاتا ہے۔ (۲)

آپ ﷺ نے اپنا بچپن، لڑکپن اور شباب اہل قریش کے ساتھ مکہ میں گزارا۔ آپ اپنی صداقت، شرافت اور امانت دار ہونے کی وجہ سے صادق مشہور ہوئے۔ تجارت کو بطور پیشہ اپنایا۔ آپکے اخلاق وکردار سے متاثر ہوکر حضرت خدیجہ الکبریٰ نے رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے کی درخواست کی جسے آپ ﷺ نے قبول فرمایا۔ اس وقت آپ ﷺ کی عمر ۲۵ سال اور حضرت خدیجہ الکبریٰ کی عمر ۴۰ سال تھی۔ آپ ﷺ نے جنگ فجار حلف الفضول اور تنصیب حجر اسود جیسے معاملات میں اپنی فراست سے اہل مکہ کو خونریزی سے بچایا۔ بت پرستی سے آپ ﷺ کو نفرت تھی۔ کئی کئی روز غار حرا کی خلوتوں میں یاد الٰہی میں بسر کردیتے۔ ۴۰ برس کو پہنچے تو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو نبوت سے سرفراز فرمایا۔ غار حرا کی تنہائیوں سے نکل کر اہل مکہ کو توحید الٰہی کا پیغام دیا۔ اپنے ساتھیوں کی ایک منظم جماعت تیار کی۔ اور مکہ کے قرب وجوار میں پیغام خداوندی پہنچایا۔ قریشی سردار آپ ﷺ کے مخالف ہوگئے اور قطع تعلق کر لیا۔ ۳ سال کا طویل عرصہ شعب ابی طالب میں بھوک و پیاس میں کاٹا۔ طائف کی گلیوں میں اوباشوں سے پتھر کھائے۔ ہر قسم کے مصائب و آلام کا مقابلہ کیا مگر اپنے مشن سے پیچھے نہ ہٹے یہاں تک کہ اہل مکہ آپ ﷺ کے جانی دشمن ہوگئے اور آپ ﷺ کے قتل کے منصوبے بنانے لگے۔ آپ ﷺ نے حکم خداوندی سے مکہ کو چھوڑ کر مدینہ کو اپنا مسکن بنایا۔ یہاں آکر پہلی اسلامی سلطنت کی بنیاد رکھی۔ بطور حکمران ۵۲ [illegible] پر مشتمل [illegible] تحریری [illegible] دیا۔ بحیثیت سپہ سالار دفاعی جنگیں لڑیں۔ جنگی حکمت عملی کو ایک نئی جہت دی۔ جنگ کے قواعد و ضوابط اور جنگی قیدیوں کے تبادلے کے اصول مرتب کئے اور دس سال کے مختصر عرصہ میں اسلامی سلطنت کی سرحدیں ۱۰ لاکھ مربع میل کے رقبے پر پھیل گئیں۔ کفر و شرک کو ختم کر دیا اور اللہ کا دین غالب ہو گیا۔

Marfat.com

حجۃ الوداع کے موقع پر آپ ﷺ نے اتحاد و یگانگت اور اخوت و مساوات کا پیغام دیتے ہوئے فرمایا کہ . "آج کے دن اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تمہارے دین کو مکمل کر دیا ہے۔ جاہلیت کے تمام رسوم ورواجات کو میں نے اپنے پاؤں تلے روند ڈالا ہے۔ کسی عربی کو عجمی پر اور کسی گورے کو کالے پر کوئی فوقیت حاصل نہیں۔ تم میں اللہ کے نزدیک عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی اور پرہیز گار ہے۔ میں تمہارے درمیان قرآن و سنت چھوڑے جا رہا ہوں۔ جب تک تم اس پر عمل کرتے رہو گے کبھی گمراہ نہ ہو گے"۔

آپ ﷺ نے اس خطبے میں قرآن و سنت کو ایک مکمل ضابطہ حیات قرار دیا۔ آپ ﷺ کی متابعت ظاہر و باطن مسلمانوں کے ایمان کا جزو لاینفک قرار پائی۔ ظاہری متابعت بہ مرتبہ نبوت اور باطنی متابعت بہ مرتبہ ولایت ہے۔ صوفیاء کے نزدیک نبوت کا مفہوم یہ ہے کہ سرکار دوعالم ﷺ حضرت جبرائیل کے واسطے سے خداوند قدوس سے اسرار توحید ظاہر اخذ کرتے تھے اور یہ ظاہر شریعت ہے اور ولایت کا مرتبہ وہ ہے کہ آنحضرت ﷺ جبرائیل کے واسطے کے بغیر اسرار باطن کی تعلیم اللہ تعالیٰ سے حاصل کرتے تھے۔(۳) یہ اسرار ربانی آپ ﷺ نے حضرت علی کو تعلیم فرمائے اور حضرت علی سے تمام صوفیاء تک پہنچے اور قیامت تک یہ فیض جاری رہے گا۔ "العلماء ورثۃ الانبیاء" سے مراد یہی لوگ ہیں۔ انہی لوگوں کے وسیلے سے صراط مستقیم کی راہ پر چلنا ممکن ہے۔(۴)

حدیث شریف میں آتا ہے کہ "میرے اہل بیت تمہارے اندر کشتی نوح کی مانند ہیں جو کوئی اس کشتی میں سوار ہو گیا اس نے نجات پائی اور جو کوئی اس سے پیچھے رہ گیا غرق ہو گیا۔ اہل بیتؑ کی تخصیص یہ ہے حضور ختمی مرتبت کے تمام عملی کمالات کو انکی تمام شاخوں سمیت جو مختلف ولایت کا مرکز ہیں۔ اس خاندان میں جاری رکھا گیا۔ اس شرف و مرتبہ کے لئے حضرت علیؓ کی ذات کو چنا گیا اس طرح یہ سلسلہ قیامت تک ان کے واسطے سے جاری ہو گیا(۵)۔

حضرت علیؓ کی پرورش آپ ﷺ کی گود میں ہوئی۔ فاطمہ بنت رسول آپ ﷺ کے نکاح میں آئیں۔ داماد ہونے کی حیثیت سے حضرت علیؓ آپ ﷺ کے فرزند کی مانند ہو گئے تھے۔ تمام صحابہؓ سے زیادہ آپ ﷺ کو رسول خدا کا قرب حاصل تھا۔ ہر کام میں شریک و رفیق تھے۔ سفر و حضر خلوت و جلوت اور امن و جنگ میں آپ ﷺ کی رفاقت سب سے زیادہ تھی۔ انحضرت کے علمی کمالات جسے ولایت اور طریقت سے موسوم کیا جاتا ہے۔ کا پرتو حضرت علی میں بدرجہ اتم موجود تھا اور اسکے آثار ظاہر و باطن میں ہر طریقہ اور ہر سلسلہ کے اولیاء اللہ میں موجود ہیں۔ اسرارات الٰہی و رموزات باطن جسے فقر و تصوف کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اولیاء اللہ کے ذرائع سے سینہ بہ سینہ چلے آرہے ہیں۔(۶)

Marfat.com

تعلیم غوثیہ میں لکھا ہے کہ حضرت علی نے اپنے سینے کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ یہاں بہت سے علوم ہیں۔اولیاء اللہ کے سینے اسرار الٰہی کی قبریں ہیں عام لوگ ان علوم کے متحمل نہیں ہو سکتے۔اس لئے آپ ﷺ نے خاص خاص لوگوں حضرت امام حسن، حضرت امام حسین، حضرت خواجہ حسن بصری اور حضرت کمیل بن زیاد کو تعلیم فرمائے۔(۷)

حضرت فاطمۃ الزہرہ بنت رسول، زوجہ شیر خدا کے بطن سے حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین پیدا ہوئے۔نسبت ولایت خصوصی طور پر حضرت علی سے ان دونوں فرزندان رسول میں منتقل ہوئی۔حضرت امام حسن کی اولاد میں سے حضرت ابو صالح موسیٰ جنگی دوست ہوئے اور حضرت امام حسین کی اولاد سے حضرت عبداللہ صومعی۔حضرت عبداللہ صومعی کی صاحبزادی حضرت فاطمہ کا نکاح حضرت ابو صالح موسیٰ جنگی دوست سے ہوا جن میں سے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی، قطب ربانی، شہباز الامکانی، حضرت علی اور حسن و حسین کی نسبت ولایت کے امین پیدا ہوئے۔آپ ﷺ نجیب الطرفین سید آسمان ولایت کے مہر درخشاں اور مرتبہ ولایت میں قدمی ھذہ علی رقبۃ کل ولی اللہ کے مطابق اولیاء صوفیاء کی مجلس کے صدر نشین قرار پائے۔آپ ﷺ کا جامع تذکرہ پیش کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ

شیخ عبدالقادر جیلانی نام، ابو محمد کنیت، محی الدین لقب، غوث الاعظم خطاب، قادر الکلام واعظ سلسلہ قادریہ کے بانی غوث صمدانی شہباز لامکانی جن کا شمار اولیاء عظام اور صوفیائے کرام میں ہوتا ہے۔ یکم رمضان المبارک ۴۷۰ھ بمطابق ۱۰۷۷ء بوقت شب جیلان میں پیدا ہوئے۔ (۸) ابوالفدا نے تقویم البلدان میں لکھا ہے کہ جیلان کا علاقہ بحیرہ خزر کے جنوبی ساحل پر واقع ہے جس کی مشرقی حدود طبرستان سے ملتی ہے طبرستان ایران کا صوبہ ہے جیلان کے جس گاؤں میں میں پیدائش ہوئی علامہ شطنوفی نے بہجۃ الاسرار میں اس کا نام نیف اور امام یعقوب حموی نے معجم البلدان میں بشتیر لکھا ہے۔ (۹) عبدالمومن السیوطی اور فیروز آبادی نے یاقوت الحموی کا اتباع کیا ہے ابن تغری بردی نے النجوم الزاہرہ میں مقام پیدائش جیل لکھا ہے جو واسط اور بغداد کے درمیان ایک گاؤں ہے۔ آپ کی پیدائش کے وقت ایران پر خاندان سلجوق کے تیسرے بادشاہ سلطان معزالدین ابوالفتح ملک شاہ ابن ارسلان اور بغداد پر بامر اللہ کی حکومت تھی پیدائش کے وقت آپ کی والدہ کی عمر ۶۰ سال تھی صاحب بہجۃ الاسرار میں لکھا کہ جس رات آپ کی پیدائش ہوئی اس رات گیلان میں ۱۱۰۰ بچے پیدا ہوئے جو سب کے سب وقت کے ولی کامل بنے۔ (۱۰) آپ کی ولادت کی بشارت وقت کے بے شمار مشائخ عظام نے دی جن میں حضرت شیخ خلیل بلخی سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی حضرت شیخ ابو عبداللہ سلمی، حضرت شیخ ابو بکر بن جھوار بطائحی اور حضرت شیخ ابو بکر حرار قابل ذکر ہیں۔ (۱۱)

آپ کا نسب والد کی طرف سے حضرت امام حسنؑ اور والدہ کی طرف سے حضرت امام حسینؑ سے جاملتا ہے۔

یہ آپ کی امتیازی شان ہے کہ آپ نجیب الطرفین سید ہیں علامہ رشید رضا نے دائرہ المعارف میں اپنے مقالے میں لکھا ہے کہ انساب اور تاریخ کے متاخرین علماء میں سے تقریباً ۷۰ مصنفین نے شیخ عبدالقادر جیلانی کو حسنی الاصل سادات میں شمار کیا ہے۔ (۱۲) فتوح الغیب میں جو شجرہ نسب آپ کے بیٹے شیخ عبدالرزاق نے روایت کیا ہے۔ وہ اسطرح ہے۔

(ابو محمد محی الدین عبدالقادر جیلانی الحسنی الصدیقی بن ابی صالح موسیٰ جنگی دوست ابن الامام عبداللہ، ابن الامام یحییٰ الزاہد، ابن الامام محمد، ابن الامام داؤد (الاسیر) ابن الامام موسیٰ (ثانی)، ابن الامام عبداللہ، ابن امام موسیٰ الجون، ابن الامام عبداللہ المحض، ابن الامام حسن المثنی، ابن الامام حسن، ابن خلیفۃ المسلمین حضرت علی کرم اللہ وجھہ) (۱۳) ابن تغری بردی نے النجوم الزاہرہ میں یہی شجرہ لکھا ہے۔ (۱۴) اور بنفس نفیس سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی نے فتوح الغیب میں خود فرمایا ہے کہ میں نسباً حسنی ہوں۔ علامہ یونس الشیخ ابراھیم السامرائی نے اپنی کتاب الشیخ عبدالقادر الکیلانی

Marfat.com

حیاتہ واثارہ میں آپ کی والدہ ماجدہ کی طرف سے نسب یوں بیان کیا ہے۔

"شیخ عبدالقادر جیلانی بن ام الخیر آمۃ الجبار فاطمہ بنت السید عبداللہ صومعی الزاہد ابن الامام ابی جمال الدین السید محمد بن الامام السید محمود بن الامام ابی العطا عبداللہ بن الامام کمال الدین عیسیٰ بن الامام السید ابی علاء الدین محمد الجواد بن علی الرضا بن الامام موسیٰ الکاظم بن الامام جعفر الصادق بن محمد الباقر، بن الامام علی زین العابدین بن الامام الحسین بن علی بن ابی طالب۔ (۱۵) داراشکوہ نے بھی اپنی کتاب سفینۃ الاولیا میں متذکرہ بالا شجرہ کی تصدیق کی ہے"۔ (۱۶)

آپ نے نسب کو کبھی اہمیت نہیں دی بلکہ اپنی اولاد کو بھی منع فرماتے تھے۔ آپ کے بیٹے قاضی القضاۃ عماد الدین ابو صالح نصر کا قول ہے کہ آپ فرمایا کرتے کہ "میری زینت فقر ہے"۔ (۱۷)

ابتدائی تعلیم گیلان میں حاصل کی ۱۸ سال کی عمر میں والدہ صاحبہ کی اجازت سے حصول علم کے لیے خلیفہ مستظہر باللہ عباسی کے دور میں ۴۸۸ھ بغداد تشریف لائے۔ اور اس سال تمیمی اور خلیفہ مقتدی بامر اللہ کا انتقال ہوا۔ نفحات الانس میں لکھا ہے کہ آپ ماہ صفر ۴۸۸ھ میں بغداد آئے۔ بوقت رخصت والدہ نے ۴۰ دینار دیے اور فرمایا۔ ہر حال میں سچ بولنا (ایک دعا بھی تعلیم فرمائی جو دعائے قطب کے نام سے سلسلہ قادریہ میں رائج ہے)۔ آپ بغداد جانے والے ایک قافلے میں شامل ہوگئے قافلہ جب ہمدان سے گزر گیا تو ڈاکوؤں نے قافلے پر حملہ کر کے سب کچھ لوٹ لیا۔ لیکن آپ سے کچھ تعرض نہ کیا۔ جب ڈاکو جانے لگے تو ایک نے آپ سے پوچھا نوجوان تمہارے پاس بھی کچھ ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ہاں میرے پاس چالیس دینار ہیں۔ اسے یقین نہ آیا۔ آپ کو اپنے سردار کے پاس لے گیا۔ ڈاکوؤں کے سردار کے استفسار پر آپ نے فرمایا کہ فی الواقع میرے پاس چالیس دینار ہیں۔ جو میری ماں نے اس گدڑی میں سی دیے تھے۔ جب گدڑی کو اتار کر دیکھا تو واقعی چالیس دینار موجود تھے۔ ڈاکوؤں کے سردار نے کہا تم جانتے ہو کہ ہم ڈاکو ہیں اور سب کچھ لوٹ لیں گے پھر تم نے کیوں ظاہر کیا کہ میرے پاس چالیس دینار ہیں۔ اگر تم کہتے کہ میرے پاس کچھ نہیں تو تم سے کوئی تعرض نہ کرتا۔ آپ نے فرمایا کہ جو کچھ تم نے کہا وہ ٹھیک ہے۔ مگر میں اپنی والدہ سے عہد کر کے نکلا ہوں کہ کبھی جھوٹ نہ بولوں گا۔ یہ جواب سن کر ڈاکوؤں کا سردار کچھ ایسا اس کے دل پر چوٹ لگی۔ پتھر دل شخص کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔ اور کہا تم ایک مخلوق (یعنی اپنی والدہ) کی ہدایت پر اس قدر سختی سے عمل کر رہے ہو۔ افسوس ہے میری زندگی پر کہ میں ایک مدت سے خالق کائنات کی نافرمانی کر رہا ہوں۔ ڈاکوؤں کے سردار نے لوٹا ہوا سامان سب کو واپس کر دیا۔ اور تائب ہو کر آپ کے ہاتھ پر آپ کے نام کے وقت کا ولی بنا۔ (۱۸)

متذکرہ بالا واقعہ زبان زد خاص و عام ہے۔ اور اس کی صداقت پر تمام مؤرخین متفق ہیں۔ اس کا ... نے

Marfat.com

کا مدعا یہاں اپنا احتساب کرنا مقصود ہے۔ اس واقعہ کے اندر کتنے اسباق پوشیدہ ہیں۔ یہ دیکھنے والی آنکھ دیکھ سکتی ہے۔ اور محسوس کرنے والا قلب محسوس کر سکتا ہے۔ قادری نسبت رکھنے والے ہوں یا غیر قادری غور کریں کہ کتنے والدین ہیں جو اپنی اولاد کو اس طرح تعلیم دے رہے ہیں۔ اور کتنے بیٹے ہیں جو والدین کے حکم کی تعمیل اس انداز سے کر رہے ہیں۔ اور اپنی زندگی کے لمحات سیدنا غوث الاعظم کی سچ گوئی حصول علم سے لگن اور اطاعت والدین کے مطابق بسر کر رہے ہیں۔ شیخ محمد بن قائد الاوانی فرماتے ہیں۔ کہ میں نے سیدنا عبدالقادر جیلانی سے پوچھا کہ آپ کی بزرگی و عظمت کا دارومدار کس عمل پر ہے۔ آپ نے فرمایا کہ راستگوئی پر۔ فرمایا کہ میں نے ساری عمر میں کبھی جھوٹ نہیں بولا اور کبھی والدین کے حکم سے سرتابی نہیں کی۔ (۱۹)

آپ جب بغداد پہنچے تو اسی سال حضرت امام غزالی بغداد سے کوچ کر گئے۔ آپ نے بغداد کے نامور اساتذہ سے تعلیم حاصل کی۔ ابوالوفا علی بن العقیل حنبلی ۵۱۳ھ، ابوالحسن محمد بن قاضی ابویعلی محمد بن الحسنین اور قاضی ابوسعید مبارک سے فقہ پڑھی۔ ابوالخیر حماد بن مسلم، ابوزکریا بن یحیٰی تبریزی ۵۰۲ھ سے علم وادب محمد بن الحسن باقلانی ابوسعید بن عبدالکریم، عبدالرحمن بن احمد ابوالبرکات اور ابو محمد جعفر السراج مصنف مصارع العشاق جیسے آئمہ حدیث سے علم حدیث کی تعلیم حاصل کی۔ اور علوم باطنی کا آغاز شیخ حماد بن مسلم دباس ۵۳۳م سے کیا (۲۰) اور تکمیل شیخ ابوسعید مبارک المخرمی سے کی۔ (۲۱) ۹ سال تک علوم ظاہری و باطنی کی تحصیل میں گزارے۔ ۲۵ سال کا طویل عرصہ سلوک کی منازل طے کرنے کے لیے ریاضت و مجاہدات میں صرف کیا۔ اور ۴۰ سال مخلوق خدا کو وعظ و نصیحت میں گزار دیے۔ پہلا وعظ ۵۲۱ھ ۵۰ سال کی عمر میں کیا۔ پہلے وعظ کے چھ سال بعد ان کے شیخ ابوسعید المخرمی کا مدرسہ آپ کے حوالے کر دیا گیا۔ امراء و غربا نے اپنی استطاعت کے مطابق مدرسے کی توسیع میں بھرپور کردار ادا کیا۔ (۲۲) مدرسے میں دوران تدریس اپنوں اور بے گانوں پر بے لاگ تبصرہ فرمایا کرتے۔ دن کے ابتدائی حصے میں تفسیر اور حدیث و اصول کی تعلیم دیتے اور ظہر کے بعد قرآت کے ساتھ قرآن مجید کی تعلیم دیتے۔ (۲۳) آپ بہت بڑے عالم تھے۔ علم ظاہری کے ساتھ آپ کو اللہ تعالیٰ نے علم لدنی سے نوازا تھا۔ محمد بن الحسینی موصلی بیان کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سنا کہ شیخ عبدالقادر جیلانی تیرہ علوم پر بحث کرتے تھے۔ (۲۴)

شیخ حافظ ابوالعباس فرماتے ہیں کہ ایک بار میں اور علامہ جمال الدین ابن جوزی سیدنا شیخ عبدالقادر کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ ایک آیت کی تفسیر بیان کر رہے تھے۔ میں نے ابن جوزی سے پوچھا کہ آپ کو اس توجیہہ کا علم ہے تو انہوں نے اثبات میں جواب دیا۔ انہوں نے دس توجیہات بیان فرمائیں اور ہر توجیہہ پر علامہ ابن

Marfat.com

جوزی نے کہا کہ اسکا تو مجھے علم ہے۔ لیکن جب اس کے بعد حضرت نے مزید توجیہات بیان فرمائیں تو علامہ ابن جوزی نے کہا کہ ان کا مجھے علم نہیں۔ حتیٰ کہ حضرت نے چالیس توجیہات بیان فرمائیں اور ابن جوزی مسلسل کہتے رہے کہ انکا مجھے علم نہیں۔ تمام توجیہات بیان کرنے کے بعد فرمایا کہ اب ہم قال سے حال کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ یہ کہ کر آپ نے فرمایا۔ **لا اله الا الله محمد الرسول الله** تو لوگوں میں شدید اضطراب پیدا ہو گیا اور علامہ ابن جوزی نے اپنے کپڑے پھاڑ ڈالے۔ (۲۵)

عمر بزاز بیان کرتے ہیں کہ آپ کے پاس عراق کے مختلف علاقوں سے کثیر تعداد میں فتاویٰ آیا کرتے تھے آپ فوراً جواب دے دیا کرتے۔ (۲۶)۔ آپ کے وعظ بہت اثر آفریں اور دلنشیں ہوتے تھے۔ صاحب بہجۃ الاسرار کی روایت کے مطابق ۵۰۰۰ یہودی اور عیسائی متاثر ہو کر آپ کے ہاتھوں دین اسلام میں داخل ہوگئے (۲۷) تبلیغ کے لیے مختلف ممالک میں خدام اور خلفاء کو روانہ کرتے۔ تبلیغ و تدریس کے مدرسے قائم کرتے۔ ۵۴۱ھ میں کئی تبلیغی مدرسے کام کر رہے تھے۔ موصل حلب دمشق، تبریز طوس، بسطام کی طرف داعی بھیجے۔ مبلغ بھیجتے وقت ہدایت کرتے کہ:۔

"امراء کی ملازمت ہرگز نہ کرنا، کسی امیر کا وظیفہ قبول نہ کرنا۔ ہر کام میں اللہ کی خوشنودی کو مد نظر رکھنا۔ غرور و تکبر سے بچنا۔ وقت کی پابندی کرنا۔ کتاب اللہ اور سنت کو سامنے رکھنا۔ شرح کی حدود سے تجاوز نہ کرنا۔ سادہ زندگی گزارنا۔ تبلیغ حق میں کسی مصیبت یا رکاوٹ سے دل برداشتہ نہ ہونا۔ غیر مسلموں سے رواداری کا برتاؤ کرنا۔ اور دنیوی عزت و نمود و نمائش سے پرہیز کرنا۔" (۲۸)

آپ کی ان تبلیغی کاوشوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ کی زندگی میں ہی ایران یمن شام اور مصر کے لوگ قادری سلسلہ میں داخل ہوگئے۔ اور یہ سلسلہ تمام اسلامی ممالک میں آپ کی زندگی ہی میں جاری ہو گیا۔ حتیٰ کہ سوڈان، روم اور ہند میں اسکا رواج عام ہو گیا۔

آپ کا زمانہ تصوف کے عروج کا زمانہ ہے۔ صوفیاء کے مسالک وسعت پذیر ہو رہے تھے۔ تصوف اپنے روحانی و جذباتی اثر کی وجہ سے ایک ہمہ گیر تحریک کی حیثیت اختیار کر چکا تھا۔ ان تاریخی حالات میں ایک سوال باعث نزع تھا۔ اور وہ سوال یہ تھا کہ زہد و تصوف کے عناصر کو شریعت کے ساتھ ہم آہنگ کس طرح کیا جائے۔ شیخ کے استاد ابن عقیل جیسے لوگ تصوف کی ضرورت و افادیت سے انکار کر بیٹھے تھے۔ الانصاری الہروی اور ابن الجوزی جیسے علماء دین تصوف پر تنقید کر رہے تھے۔ ایسے دور میں آپ نے اپنی عملی سرگرمیاں شروع کیں۔ تصوف کو ایک نئی جہت دی۔ فنی اور اصطلاحی پیچیدگیوں سے نکال کر واضح اور سادہ اسلوب میں ڈھالا۔ غنیۃ الطالبین فتوح الغیب جیسی کتابیں

Marfat.com

لکھ کر تصوف کی زبان کو عام فہم بنایا۔اور تصوف کے ساتھ وابستگی کے دروازے عام آدمی کے لیے کھول دیے۔اپنے قول وفعل سے ثابت کیا کہ تصوف و طریقت پر محض اہل خلوت کی اجارہ داری درست نہیں۔ آپ تصوف میں پراسرار رمزیت کے خلاف تھے۔طریقت کو شریعت کے ساتھ ہم آہنگ اور کھلی شاہراہ کی طرح کشادہ دیکھنا چاہتے تھے۔اس لیئے منصور حلاج کے بارے میں فرمایا کہ اگر میں اس کے زمانہ میں ہوتا تو منصور کے معاملے کو اس صورت حال سے بچاتا۔"(۲۹) آپ نے بیعت اور خانقاہی نظام کو بھی درست کر کے وسعت و تازگی عطا کی۔ سید ابوالحسن ندوی نے تاریخ دعوت و عزیمت میں لکھا ہے کہ شیخ کی زندگی میں ان کا جاری کردہ طریقہ قادریہ لاکھوں نفوس کو فیضیاب کر چکا تھا۔اور ان کے وصال کے بعد ان کے خلفاء اور قادری خانقاہوں کا سلسلہ نہ صرف عالم اسلام میں ایک اصلاح و ارشاد کی ایک وسیع تحریک کی صورت اختیار کر چکا تھا بلکہ غیر مسلموں میں اشاعت اسلام کا ایک موثر زریعہ بھی ثابت ہوا۔ صاحب تاریخ دعوت و عزیمت نے مزید لکھا ہے کہ ۵ویں صدی ھجری جب کہ عالم اسلام سیاسی و فکری ضعف و اضمحلال کے پاتال میں اتر چکا تھا۔ایسے دور میں امام غزالی نے اپنی فکری تحریک سے تشکیک والحاد کے فتنے کا سدباب کیا۔اور شیخ عبدالقادر جیلانی نے انہیں بے یقینی اور بے عملی کے روگ سے نکالا۔ ملت اسلامیہ کے اس زوال کے دور میں آپ نے بڑے پُر درد اور اثر آفریں خطبات دئے۔خطبے سے ایک اقتباس ملاحظہ فرمائیں۔:۔

" جناب رسول ﷺ کے دین کی دیواریں پے در پے گر رہی ہیں۔اور اسکی بنیاد بکھری جاتی ہے۔اے باشندگان زمین آؤ اور جو گر گیا ہے اسکو مضبوط کر دیں۔اور جو ڈھ گیا ہے اسکو درست کر دیں۔یہ چیز ایک سے پوری نہیں ہوتی سب ہی کو مل کر کام کرنا چاہیے۔اے سورج،اے چاند اور اے دن تم سب آؤ "۔(۳۰)

آپ اپنے وعظ میں امراء اور خلفاء کو سخت گرفت میں لیتے اور خلیفہ وقت کو بھی بر سر منبر مذمت کرتے۔ آپ کی کاوشوں اور اثر آفریں خطبات کا نتیجہ یہ ہوا کہ کرامتہ اور باطنیہ جیسی تحریکیں جنہیں علامہ سیوطی جیسے علماء نے دولت خبیثہ کا نام دیا ہے دم توڑ گئیں۔ آپکے واعظ کے دوران کسی کو دم مارنے کی مجال نہ ہوتی تھی۔ آپکی شخصیت بڑی پر جلال تھی۔ میاں نور الحسن لکھتے ہیں۔

" بزرگان قادریہ میں نسبت فاروقی کا ظہور ہے اور نسبت حضرت فاروق اعظمؓ کی موسوی تھی اس واسطے جلال الٰہی اور تصرف عظیم الشان کا ظہور حضرت غوث الاعظمؓ سے بہت ہوا اور قرب شہادت میں بڑا مرتبہ پایا۔(۳۱)"

نسبت فاروقی کا ظہور اور ذکر پر توجہ سلسلہ قادریہ کے اختصاصات ہیں۔حضرت شاہ ولی اللہ نے حضرت غوث الاعظم کی نسبت اویسہ بتائی ہے۔ہمعات میں لکھتے ہیں۔

"حضرت غوث الاعظم کی اصل نسبت نسبت اویسہ ہے۔جس میں نسبت سکینہ کی برکات بایں معنی شامل

Marfat.com

ہیں کہ یہ شخص ذات الٰہیہ کی ذال کے نقطے کی طرح تشخص اکبر میں ارواح کاملہ و ملاء اعلیٰ کے نفوس فلکیہ کی محبت میں محبوب و مراد بن جاتا ہے۔اور اس کے مقام محبوبیت کے ذریعے اس کے ارادہ و توجہ کے بغیر تجلیات الٰہی میں سے وہ تجلی جو ابداع خلق تدبیر و تدلّی کی جامع ہے اس پر ظہور کرتی ہے۔ جس کے باعث ایسے انس و برکات کا ظہور ہوتا ہے جنکی انتہا نہیں۔ گویا انتظامی امور کائینات خود بخود ظہور پذیر ہوتے رہتے ہیں۔ اسی وجہ سے حضرت غوث الاعظم نے فخریہ کلمات فرمائے ہیں اور ان سے تسخیر عالم کا ظہور ہوا ہے۔ (۳۲)

آپ صاحب کرامت بزرگ تھے۔ بچپن سے کرامات ظہور پذیر ہونے لگیں۔ آپ کی کثرت کرامات پر تمام مورخین متفق ہیں۔ یہاں تک کہ امام ابن تیمیہ اور شیخ الاسلام عزالدین بن عبدالسلام جیسے علماء بھی اس حقیقت کا اعتراف کر چکے ہیں۔ کہ آپ کی کرامات حد تواتر تک پہنچی ہوئی تھیں۔ ابراھیم الدروبی لکھتے ہیں کہ شیخ ابن تیمیہ حضرت عبدالقادر جیلانی کی کرامات کی تصدیق کا اعلان کرتے ہیں۔ (۳۳) امام یافعی نے اپنی کتاب میں لکھا ہے۔ آپ کی کرامات شمار سے خارج ہیں اور مجھ کو ان لوگوں نے خبر دی ہے جو زمانے کے مشہور امام ہیں کہ آپکی کرامات متواتر ہیں یا قریب بہ تواتر ہیں"۔ (۳۴) مفتی غلام قادری نے خزینۃ الاصفیاء میں لکھا ہے "کہ "حضور غوث پاک سے جس قدر کرامات ظاہر ہوئیں۔ وہ کسی دوسرے ولی سے صادر نہیں ہوئیں۔ (۳۵) سید ابوالحسن ندوی نے اس امر میں بہت خوبصورت بات کہی ہے کہ

"یہ امر واقع ہے کہ حضرت غوث پاک کی کرامات کی تفصیلات سے تذکرے بھرے پڑے ہیں۔ مگر آپ کی سب سے بڑی کرامت مردہ دلوں کی مسیحائی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے قلب کی توجہ اور زبان کی تاثیر سے لاکھوں انسانوں کو نئی ایمانی زندگی عطا فرمائی۔ آپ کا وجود اسلام کے لیے ایک باد بہاری تھا۔ جس نے دلوں کے قبرستان میں نئی جان ڈال دی۔ اور عالم اسلام میں ایمان و روحانیت کی ایک نئی لہر پیدا کر دی" (۳۶)

آپ کی کرامات دفعہ امراض عامہ، مفلوج و مجزوم اور مادر زاد نابینا کی صحت کھجور کے خشک درختوں کا سبز ہو جانا۔ طغیانی اور بارش کا تھم جانا۔ بے موسمی ثمرات کی موجودگی مغیبات پر اطلاع، حالات مخفیہ کا اظہار، سب مع، زر نقد کا خوں ہو جانا۔ عذاب قبر سے نجات، چور کا ولی ہو جانا، خبر موت، دور دراز فاصلوں سے مدد کرنا، مخلوق سے ظاہر و باطن میں تصرف، جنات پر حکمرانی، عالم ملکوت کے بواطن کی خبر، عالم جبروت کے حقائق کا کشف، عالم لاہوت کے سربستہ رازوں کا علم، لوگوں کے نظریات کا بدلنا۔ جیسی مستند کرامات سے صفحات بھرے پڑے ہیں۔ میں یہاں صرف ایک کرامت کا ذکر کرتا ہوں۔

غبطۃ الناظر میں علامہ ابن حجر عسقلانی جو روایات و رجال کے امام ہیں لکھتے ہیں کہ "شیخ عبدالقادر جیلانی اپنے

Marfat.com

ایام رضاعت میں جب ماہ رمضان آتا تو روزے کے اوقات میں دودھ نہ پیتے۔ علامہ شطنوفی نے بہجۃ الاسرار میں اور امام یافعی نے خلاصۃ المفاخر میں یوں لکھا ہے کہ شہر میں اس بات کی شہرت ہوگئی کہ سیدوں میں ایک ایسا بچہ پیدا ہوا ہے جو رمضان میں اوقات صوم میں دودھ نہیں پیتے"۔(۳۷) علامہ یحییٰ تادنی نے اس روائت کو کچھ اضافے کے ساتھ بیان کیا ہے کہ آپکی والدہ ماجدہ فرماتی ہیں کہ آپ ماہ رمضان میں دن کے وقت دودھ نہ پیتے۔ ایک دفعہ رمضان کی ۲۹ تاریخ کو بادل کے باعث چاند دیکھائی نہ دیا لوگوں نے مجھ سے آکر سوال کیا کہ آپکے بچے آج دودھ پیا ہے یا نہیں میں نے انکو جواب دیا کہ نہیں جس سے انکو معلوم ہوگیا کہ آج رمضان کا دن ہے چنانچہ سب نے روزہ رکھا۔(۳۸)

سطور بالا سے جہاں یہ بات مستنبط ہوتی ہے کہ بچپن ہی سے آپ سے کرامات کا ظہور ہو چکا تھا وہاں آپکی سیادت نسبی پر بھی مہر تصدیق ثبت ہو جاتی ہے آپکے مقام ولایت اور غوثیت وقطبیت کبریٰ کی فضیلت و فوقیت کی بشارت وقت کے اولیاء کبار اور صوفیاء اعظام نے دی جس کا ذکر بہجۃ الاسرار میں علامہ شطبوفی نے ان الفاظ میں کیا ہے۔

"عنقریب عجم کی زمین میں ایک لڑکا پیدا ہوگا جس کی کرامات کا بڑا ظہور ہوگا اسکی کرامات کو خاص و عام پہچانیں گے وہ اپنے وقت کا قطب ہوگا اور کہے گا کہ میرا یہ قدم تمام اولیاء اللہ کی گردن پر ہے"۔(۳۹)

مکاشفات اولیاء میں شیخ موسیٰ سہروردی لکھتے ہیں۔

"کہ حالت مکاشفہ میں ایک روز حضرت جنید بغدادی نے فرمایا قدمه علىٰ رقبتى ان کا قدم میری گردن پر کچھ دیر حالت استغراق میں رہنے کے بعد آپ نے سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ اس جملے کا مطلب یہ ہے کہ ۵ ویں صدی ھجری کے آواخر میں عبدالقادر نامی ایک بزرگ دنیا میں تشریف لائیں گے ان کا لقب محی الدین اور مولد گیلان ہوگا بغداد میں سکونت فرمائیں گے اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے فرمائیں گے۔ فرماویں گے قدمی هذه علىٰ رقبته كل ولى الله چنانچہ مکاشفہ میں خیال آیا کہ کیوں نہ ان کا قدم میری گردن پر ہو اس خیال کے آتے ہی میری زبان سے یہ الفاظ نکلے ان کا قدم میری گردن پر۔(۴۰)

مناقب غوثیہ اور ترغیب المناظر میں لکھا ہے کہ حضرت امام عسکری نے وفات کے وقت اپنا سجادہ ایک بزرگ کے حوال کرتے ہوئے فرمایا کہ ۵ ویں صدی میں ایک بزرگ کا ظہور ہوگا جن کا نام عبدالقادر ہوگا یہ سجادہ ان کے لئے ہے ان کو پہنچا دینا۔ یہ سجادہ نقل ہوتا ہوا آپ تک پہنچا۔(۴۱)

علامہ شطنوفی نے اس کرامت اور دعویٰ پر سیر حاصل بحث کی ہے اور مستند حوالاجات سے ثابت کیا کہ آپکا یہ کلام برحقیقت تھا۔ آپ نے جب اپنے وعظ کے دوران قدمی هذه علىٰ رقبته كل ولى الله فرمایا تو اس وقت بغداد میں وعظ کی اس مجلس میں تقریباً ۵۰ کے قریب اولیاء کبار حاضر تھے۔ تب شیخ علی بن الهیتی کھڑے ہوئے کرسی پر

Marfat.com

چڑھے اور شیخ کے قدم کو اپنی گردن پر رکھ دیا اور تمام حاضرین نے اپنی گردنیں جھکا دیں۔ حضرت ابو صالح نصر اپنے والد سید عبدالرزاق اور اپنے چچاؤں ابو عبدالرحمن عبداللہ، سید عبدالوہاب اور سید ابو اسحاق ابراہیم سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا جس مجلس میں آپ نے یہ الفاظ کہے ہم بھی اس مجلس میں موجود تھے۔ اور ۵۰ مشائخ اس مجلس میں ایسے تھے جو عراق کے اکابرین میں سے تھے۔ (۴۲)

شیخ لولو ارمنی جو وقت کے قطب تھے فرماتے ہیں کہ جب میرے شیخ عبدالقادر جیلانی نے فرمایا کہ میرا قدم ہر ولی اللہ کی گردن پر ہے تو اس وقت ۳۱۳ اللہ تعالیٰ کے ولیوں نے تمام ممالک میں اپنے سروں کو جھکا دیا تھا۔ حرمین شریفین میں ۱۷، عراق میں ۶۰، عجم میں ۴۰، شام میں ۳۰، مصر میں ۲۰، مغرب میں ۲۷، یمن میں ۲۳، حبشہ میں ۱۱، سد یاجوج ماجوج میں ۷، سراندیپ میں ۷، کوہقاف میں ۴۷، اور جزائر بحر محیط میں ۲۴ نے سر جھکا دیا۔ (۴۳) قطبیت کی یہ خلعت آپ کو اپنے جد امجد حضور ختمی سے عطا ہوئی۔ علامہ یحیٰی تادنی فرماتے ہیں۔ "بعد از معانقہ آپ نے وہ خلعت عطا فرمائی جو آپ ﷺ کے جسد اقدس پر تھی۔ اور فرمایا کہ یہ خلعت قطبیت ہے جو ابدال کو عطا کی جاتی ہے۔"

شیخ خلیفۃ الاکابر فرماتے ہیں سرکار دو عالم ﷺ سے جب کہ مجھے خواب میں زیارت نصیب ہوئی میں نے آپ کے (شیخ عبدالقادر جیلانی) اس قول کی تصدیق چاہی تو سرکار دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ وہ سچ فرماتے ہیں اور کیوں نہ کہیں جب کہ وہ قطب دوراں ہیں اور ہم بذات خود ان کے نگران ہیں۔ (۴۴)

آپ کے اس قول کو بذریعہ کشف وقت کے تمام اولیائے کرام نے جانا اور اپنی گردنیں جھکا دیں۔ زبدۃ الآثار میں شاہ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ جب غوث الاعظم نے بغداد میں یہ کہا کہ میرا قدم ہر ولی کی گردن پر ہے تو سلطان الہند حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری اس وقت خراسان کے پہاڑوں میں مصروف عبادت تھے۔ آپ نے وہیں گردن جھکا دی اور فرمایا کہ آپ کا قدم میرے سر اور آنکھوں پر۔ شیخ عبدالقادر جیلانی نے آپکی اس نیاز مندی کو دیکھ کر فرمایا کہ غیاث الدین کا بیٹا معین الدین تمام اولیاء سے گردن جھکانے میں سب سے آگے ہو گیا۔ وہ جلد ہی ملک ہند کا سلطان ہو گا۔ (۴۵)

حضرت مجدد الف ثانی اپنے مکتوبات میں لکھتے ہیں کہ بیشک حضرت غوث الاعظم مرکز ولایت و قطبیت ہیں۔ جسے کوئی عظیم روحانی مرتبہ ملا شیخ عبدالقادر جیلانی کی توجہ باطنی سے ملا۔ اور یہ کہ مقام مدار العالمین حضرت علی کو حاصل تھا اور ان سے یہ مقام منتقل ہوتا ہوا ہمیشہ کیلئے آپکی ذات میں مخصوص ہو گیا۔ (۴۶)

حضرت امام یافعی خلاصۃ المفاخر میں لکھتے ہیں کہ "تمام سلاسل کو حضرت غوث الثقلین کی بارگاہ سے حصہ ملا ہے"۔ خواجہ معین الدین بغداد پہنچ کر آپکے ہاں مقیم ہو کر فیض یاب ہوئے۔ (۴۷) حضرت شہاب الدین سہروردی

Marfat.com

بانی سلسلہ سہروردیہ آپکی صحبت میں رہ کر مستفید ہوئے۔حضرت عارف باللہ عبداللہ بلخی نے خوارق الاحباب فی معرفتہ الاقطاب میں لکھا ہے کہ ایک دن بخارا کی طرف رخ کر کے عام مجمع میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی نے فرمایا کہ مجھے اس طرف سے ایک مزے دار خوشبو آرہی ہے میری وفات کے ۱۵۷ سال بعد اس جانب سے ایک مرد کامل پیدا ہوگا جسکا نام بہاء الدین نقشبند ہوگا۔وہ میری نعمت خاص سے حصہ لے گا۔اور یہ کہ بہاء الدین نقشبند کے دل پر اسم اعظم بھی آپکی باطنی توجہ سے نقش ہوا۔(۴۸)

مذکورہ بالا روایات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ تمام روحانی سلاسل نے آپ کی فضیلت وعظمت کا اعتراف کیا اور آپکے مسلک کی فوقیت کے سامنے سر جھکایا۔حضرت میراں شاہ میر فرماتے ہیں کہ قدمی ھذہ علیٰ رقبتہ کل ولی اللہ سے مراد یہ ہے کہ میرا طریق سب طریقوں سے اعلیٰ ہے۔قدم سے مراد طریقہ ہے اور تمام اولیاء نے جو گردن جھکائی اس سے اس کا مطلب یہ کہ انہوں نے اس بات کو تسلیم کیا کہ حضرت غوث الاعظم کا مسلک سب سے اعلیٰ ہے۔

حضرت شیخ جمال العارفین ابوالوفا فرماتے ہیں کہ شیخ عبدالقادر جیلانی کا مرتبہ تمام ولیوں سے اعلیٰ ہے اور مجھے ان کے سر پر ایسا نور دیکھائی دیتا ہے جسکی شعاعیں مشرق ومغرب پھیلی ہوئی ہیں۔(۴۹)

تعلیمات:

حضرت ابراہیم سعد الدین فرماتے ہیں کہ آپ علماء کرام کا سادہ لباس پہن کر تخت پر تشریف لے جاتے۔آپکی آواز بلند ہوتی تھی لوگ آپکے پیغام کو بغور سنا کرتے تھے۔اور آپکے احکام کی تعمیل بڑے ذوق وشوق سے کرتے۔(۵۰)

ابن کثیر نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ جب آپ بغداد تشریف لے گئے تو آپ نے پہلے علوم ظاہری فقہ ،حدیث اور تفسیر پڑھ کر علوم باطنی میں کمال حاصل کیا۔آپ وعظ گوئی اور حقائق کے بیان کرنے میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔برائی سے روکتے،نیک کاموں کی ہدایت فرماتے اور حق بات کہنے میں کسی سے ذرا خوف نہ کھاتے۔امراء وزراء کو انکے منہ پر حق بات کہ دیتے۔آپ بڑے عالم،زاہد اور متقی تھے۔(۵۱) آپکی تعلیمات کا خلاصہ اجمالاً بیان کیا جاتا ہے۔
آپ نے توحید الٰہی شریعت اور رب ذوالجلال سے تعلق قائم رکھنے کی تعلیم دی ہے۔توحید خالص کی تعلیم دیتے ہوئے اپنے وعظ کی مجلس میں فرمایا۔

"اس پر نظر رکھو جو تم پر نظر رکھتا ہے۔اس کے سامنے رہو جو تمہارے سامنے رہتا ہے۔اس سے محبت کرو

Marfat.com

جو تم سے محبت کرتا ہے۔ اسکی بات مانو جو تم کو بلاتا ہے۔ اپنا ہاتھ اسے دو جو تم کو گرنے سے سنبھال لے گا۔ اور تم کو جہل کی تاریکیوں سے نکال لے گا ہلاکتوں سے بچائے گا۔" (۵۲)

فتح الربانی کی ایک اور مجلس میں آپ نے اس طرح تعلیم دی۔

آج تو اعتماد کر رہا ہے اپنے نفس پر، مخلوق پر، اپنے دیناروں پر، اپنے درہموں پر، اپنی خرید و فروخت پر اور اپنے شہر کے حاکم پر اس پر تو اعتماد کرے۔ وہ تیرا معبود ہے اور ہر شخص پر جس پر نفع و نقصان کے متعلق تیری نظر پڑے اور تو یوں سمجھے کہ حق تعالیٰ ہی اسکے ہاتھوں اسکا جاری کرنے والا ہے تو وہ تیرا معبود ہے"۔ (۵۳)

شریعت کی پابندی اور سنت کی پیروی کی تعلیم دیتے ہوئے فتوح الغیب میں فرمایا۔

" پیروی کرتے رہو اور راہ بدعت اختیار نہ کرو۔ اطاعت کرو اور دائرہ اطاعت سے باہر نہ رہو۔ توحید خداوندی کو مانو اور کسی کو اسکا شریک نہ ٹھہراؤ کہ وہی جو کچھ کرتا ہے اپنی مشیت سے کرتا ہے۔ اسکو ہر عیب سے پاک سمجھو۔" (۵۴)

حقوق العباد کی تعلیم اپنے فرزندوں کو یوں دیتے ہیں

"میں وصیت کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اور اطاعت اختیار کرو اور احکام شریعت کی پابندی لازم رکھو۔ اور سینے کو پاک رکھو اور نفس میں جوانمردی رکھو۔ اور کشادہ روح رہو۔ اور شے عطا کرنے کے قابل ہو اسے عطا کرتے رہو۔ اور ایذاء دہی سے باز رہو۔ اور برابر والوں سے حسن معاشرت رکھو۔ اور فردوں کو نصیحت کرتے رہو۔ اور اپنے رفیقوں سے جنگ نہ کرو اور ایثار کو اپنے اوپر لازم کر لو اور ذخیرہ مال فراہم کرنے سے بچو"۔ (۵۵)

تصوف کی وضاحت اور تعلیم فتوح الغیب میں اس طرح دیتے ہیں۔

"تصوف آٹھ خصلتوں پر مبنی ہے۔ سخاوت ابراہیم پر، صبر ایوب پر، مناجات زکریا پر، غربت یحییٰ پر، خرقہ پوشی موسیٰ پر، تجرد عیسیٰ پر اور فقر محمد ﷺ پر"۔ (۵۶)

آپ نے رہبانیت کی حوصلہ شکنی کی اور دنیا کی حقیقت بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

دنیا میں اپنا مقسوم اس طرح مت کھا کہ وہ بیٹھی ہوئی ہو اور تو کھڑا ہو بلکہ اسکو بادشاہ کے دروازے پر اس طرح کھا کہ تو بیٹھا ہوا ہو اور وہ طباق اپنے سر پر رکھے ہوئے کھڑی ہو دنیا اسکی خدمت کرتی ہے جو حق تعالیٰ کے دروازے پر کھڑا ہوتا ہے جو دنیا کے دروازے پر کھڑا ہوتا ہے اسے ذلیل کرتی ہے"۔ (۵۷)

خلفاء اور حکام کو تعلیم دینے کا انداز یکسر مختلف تھا حافظ عماد الدین ابن کثیر اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں "خلفاء، وزراء، سلاطین، قضاء، خواص و عام سب کو امر بالمعروف و نہی عن المنکر فرماتے۔ بڑی صفائی اور جرأت سے ساتھ ان

Marfat.com

کو بھرے مجمع میں اور بر سر منبر علی الاعلان ٹوک دیتے جو کسی ظالم کو حاکم بناتا اس پر اعتراض کرتے اور خدا کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی پرواہ نہ تھی"۔(۵۸)

مسند ولایت کی تعلیم دیتے ہوئے فرمایا۔ کہ جب تک کسی شخص میں ذیل بارہ صفات پیدا نہ ہوں اسکو لازم نہیں ہے کہ وہ مسند ولایت پر قدم رکھے۔ وہ بارہ صفات یہ ہیں۔

"پہلی دو صفات عیب پوشی اور رحم دلی خداوند تعالیٰ سے سیکھے دوسری دو صفات شفقت اور رفاقت جناب رسالت مآب ﷺ سے سیکھے تیسری دو خصلتیں راستی اور راستگوئی جناب سیدنا صدیق اکبر سے حاصل کرے چوتھی دو صفات نیکی کی ہدایت کرنا اور برائی سے روکنا جناب سیدنا فاروق اعظم سے سیکھے۔ پانچویں دو صفات شرم وحیاء شب بیداری اور کھانا کھلانا سیدنا عثمان غنی سے سیکھے۔ اور چھٹی دو صفات عالم بننا اور شجاعت وجوانمردی سیدنا حضرت علی المرتضی سے سیکھے۔"(۵۹)

تصانیف:

غنیۃ الطالبین (عربی)، فتوح الغیب (تصوف) الفتح الربانی (مواعظ کا مجموعہ) مکتوبات غوثیہ، الہامات غوثیہ، دیوان محی الدین قصیدہ خمریہ، محبوبیہ، قصیدہ قطبیہ، قصیدہ رومیہ، قصیدہ طالبیہ، جلاء الخواطر فی الباطن والظاہر، الیواقیت والحکم، درود کبریت احمد درود اکسیر اعظم، دعائے بدر قتۃ الایمان، دعائے فتح البصائر، سبوعہ شریف، چہل کاف، اسمائے سبعہ معہ توجہات، بشائر الخیرات تحفۃ المتقین و سبیل العارفین، حزب الرجاء والانتہا الکبریت الاحمر فی الصلواۃ علی النبی ﷺ۔(۶۰)

مراتب الوجود، معراج لطیف المعانی، سرالاسرار و مظہر الانوار فیہم یحتاج الیہ الابرار مارگولیتھ نے انسائیکلوپیڈیا آف اسلام میں اپنے مقالہ عبدالقادر محی الدین میں مندرجہ ذیل کتابوں کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ حضرت غوث الاعظم کے کمال تفقہ فی الدین اور تبحر علمی کی زبردست گواہ ہیں۔ جلاء الخواطر، الیواقیت والحکم، الفیوضات الربانیہ، حزب بشائر الخیرات، المواہب الرحمانیہ۔(۶۱)

یوم وصال:

آپکا یوم وصال، ۱۱ ربیع الثانی ۵۶۱ھ میں ہوا۔ آپکا مزار بغداد میں ہے۔ سلطان سلیمان نے ۹۴۱ھ میں مزار پر ایک خوبصورت قبہ تعمیر کرایا۔ مسلمانوں کی زیارت گاہوں میں سے آپ کا مزار بہت بڑی زیارت گاہ ہے۔(۶۲)

Marfat.com

گیارہویں شریف:

دین اسلام میں بزرگان دین کے یوم وصال کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔ گیارھویں شریف حضرت سیدنا غوث الاعظم کی روح پر فتوح کو ایصال ثواب سے منسوب ایک تقریب کا نام ہے۔ جسکا انعقاد سینکڑوں برس سے مسلمانان عالم مشائخ عظام اور سلاسل طریقت سے وابستہ اہل ایمان بڑے اہتمام سے کرتے چلے آرہے ہیں۔ بغداد شریف میں درگاہ غوثیہ پر یہ تقریب آپ کے یوم وصال پر سالہا سال سے منعقد ہوتی چلی آرہی ہے۔ ارشاد خداوندی ہے کہ:

ترجمہ:"اور وہ لوک جو ان کے بعد آئے عرض کرتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہمیں بخش دے اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے۔(۶۳) اس کی مزید وضاحت سرکار دو عالم ﷺ نے فرمادی۔ آپ سے پوچھا گیا ہم اپنے مردوں کی طرف سے صدقہ کرتے ہیں اور حج کرتے ہیں تو کیا انہیں ثواب پہنچتا ہے۔ آپ نے فرمایاہاں وہ بے شک اس سے خوش ہوتے ہیں۔ جیسا کہ تم میں سے کسی کے پاس طبق ہدیہ کیا جاتا ہے تو وہ خوش ہوتا ہے۔(۶۴) حضرت امام ابو حنیفہ، امام احمد و جمہور سلف صالحین کا مذہب ہے کہ میت کو ثواب پہنچتا ہے۔(۶۵)

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ فاتحہ پڑھنا اور اس کا ثواب ارواح کو پہنچانا جائز اور درست ہے۔(۶۶) یہاں تک کہ اسماعیل دہلوی صراط مستقیم میں لکھتے ہیں "کہ میت کو نفع پہنچانا مقصود ہو تو اسے کھانا کھلانے پر ہی موقوف نہ سمجھنا چاہئے۔ اگر ہو سکے تو بہتر ورنہ سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص کا ثواب بہت بہتر ہے۔(۶۷)۔"

چونکہ حضرت غوث الاعظم اور دیگر بزرگان دین کا امت مسلمہ پر بہت بڑا احسان ہے۔ اسلئے ان کے ایصال ثواب کی محافل منعقد کرنا باعث فخر و نجات ہے اسلئے صدیوں سے مسلمانان عالم اس محبوب و مقبول عمل کو کرتے چلے آرہے ہیں۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں۔"ہم نے اپنے سردار امام و عارف کامل حضرت شیخ عبدالوہاب قادری متقی قدس سرہ کو حضرت غوث الاعظم کے یوم عرس کی محافظت و پابندی فرماتے ہوئے دیکھا۔ مزید لکھتے ہیں کہ شیخ امان پانی پت جو گروہ اولیاء میں بلند مرتبہ رکھتے تھے۔ ربیع الثانی کی ۱۰ تاریخ کو حضرت غوث الثقلین کا عرس منایا کرتے تھے۔(۶۸)"

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ "گیارھویں شریف کی تقریب سالہا سال سے بغداد شریف میں درگاہ غوثیہ پر منعقد ہوتی چلی آرہی ہے

Marfat.com

"چاند کی گیارہویں تاریخ کو حضرت کی درگاہ پر بادشاہ اور دیگر علماء مشائخ حاضری دیتے ہیں۔ بعد از عصر ختم شریف ہوتا ہے۔ اور پھر حضرت کی شان میں مدحیہ قصائد پڑھے جاتے ہیں اور آپ کے حالات بیان کئے جاتے ہیں۔ یہ سلسلہ مغرب تک جاری رہتا ہے۔ بعد از مغرب سجادہ نشین مع حاضرین ذکر جلی کرتے ہیں۔ پھر کھانے اور شیرینی پر فاتحہ پڑھی جاتی ہے۔ اور حاضرین میں نیاز تقسیم کی جاتی ہے۔ عشاء کی نماز پڑھ کر لوگ رخصت ہو جاتے ہیں ۔(۶۹) آپ کے عرس کی امتیازی شان یہ ہے کہ یہ سال کی بجائے ہر ماہ منایا جاتا ہے برصغیر پاک وہند کے علاوہ دنیا کے کونے کونے میں گیارہویں شریف کی تقریب منعقد ہوتی ہے اور تمام مسالک کے آئمہ آپ کے یوم وصال پر ایصال ثواب کے لئے نذر و نیاز تقسیم کرتے ہیں۔(۷۰)"

امام ابن تیمیہ جو اپنے وقت کے شیخ الاسلام اور امور دین میں سخت گیر معروف تھے اہل حدیث بھی آپ کو اپنا امام تسلیم کرتے ہیں گیارہویں شریف کی تقریب میں حصہ لیتے تھے اور بارگاہ غوثیہ مآب میں اپنی عقیدت کا اظہار کرتے ہیں علامہ السید عباس العزاوی لکھتے ہیں

ترجمہ: علامہ ابن تیمیہ دمشق سے درگاہ جیلانیہ میں نذرانے اور ہدیئے درس و تدریس اور کھانا کھلانے کیلئے ربیع الاول کی آخری تاریخوں میں بھیجا کرتے تھے اور یہ قافلہ بیس اونٹوں پر مشتمل ہوا کرتا تھا۔(۷۱)

اس امر میں بزرگان دین کا معمولی اختلاف ہے بعض کے نزدیک گیارھویں شریف سیدنا غوث الاعظم کا اپنا معمول تھا اور بعض کے نزدیک یہ آپکا عرس شریف ہے امام یافعی فرماتے ہیں:

"گیارھویں شریف حضور سرور کائنات فخر موجودات ختم الرسل ﷺ کا عرس مقدس جو حضرت سیدنا غوث الاعظم ربیع الآخر کی ۱۱ تاریخ کو اپنی ظاہری زندگی میں خود کیا کرتے تھے۔ یہ ۴۰ واں لوگوں میں اتنی مقبولیت اختیار کر گیا کہ آپ ہر ماہ کی ۱۱ تاریخ کو حضور نبی کریم کا ختم دلانے لگے۔ رفتہ رفتہ یہی نیاز حضرت محبوب سبحانیؒ کی گیارھویں مشہور ہو گئی۔(۷۲)

شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیر کے استاد علامہ جیون صاحب نور الانوار کے صاحبزادے سے ملا محمد اپنی کتاب میں لکھتے ہیں۔

"دیگر مشائخ کا عرس دو سال کے بعد ہوتا ہے لیکن حضرت غوث الثقلین کی یہ امتیازی شان ہے کہ آپکا عرس ہر ماہ کو منعقد ہوتا ہے۔ ۔ ملا علی قاری نے کہا ہے کہ گیارھویں شریف نہ فرض ہے، نہ سنت بلکہ کار خیر اور قرب خداوندی کا ذریعہ ہے اور بزرگان دین کا معمول ہے جسکا عامل خیر و برکت حاصل کرتا ہے۔ حضرت امداد اللہ مہاجر مکی، حضرت شاہ ولی اللہ اور حضرت مہر علی شاہ تمام مسالک کے علماء نے گیارھویں شریف کو شریعت کے

Marfat.com

تحت جائز قرار دیا ہے

اولاد:

شیخ شہاب الدین سہروردی نے عوارف المعارف میں لکھا ہے کہ آپ نے نکاح حضرت محمد ﷺ کی اجازت سے کیا اور آپ کی چار بیویاں ہوئیں۔ (۷۳) ابن نجار نے اپنی تاریخ میں آپ کے صاحبزادے سیدنا عبدالرزاق کے حوالے سے لکھا ہے کہ میرے والد محترم شیخ عبدالقادر جیلانی کی انچاس اولادیں ہوئیں۔ جن میں ۲۷ صاحبزادے اور باقی ۲۲ صاحبزادیاں تھیں۔ (۷۴) ابن رجب نے ذکور کی تعداد ۲۲ لکھی ہے۔ صاحب مآثر العارفین نے چاروں بیویوں کے نام اور ان سے اولاد کی تفصیل لکھی ہے۔ جن کی تعداد ۴۹ بنتی ہے۔ (۷۵) تاہم آپ کی اولاد میں سے حضرت شیخ عبدالوہاب، حضرت شیخ عیسیٰ حضرت شیخ ابو بکر عبدالعزیز، حضرت شیخ عبدالجبار، حضرت شیخ عبدالرزاق حلبی، حضرت شیخ ابراھیم، حضرت شیخ محمد، حضرت شیخ عبداللہ، حضرت شیخ یحیٰ اور حضرت شیخ موسیٰ مشہور ہوئے۔

یہاں صرف حضرت شیخ عبدالرزاق اور آپ کی اولاد کا ذکر کیا جاتا ہے۔

حضرت شیخ سیدنا عبدالرزاق رضی اللہ عنہ

آپ کی کنیت ابو بکر، نام عبدالرزاق بن شیخ محی الدین ابو محمد عبدالقادر بن ابو صالح اور لقب تاج الدین تھا۔ مایہ ناز حافظ حدیث و قرآن، حنبلی المسلک ۵۲۸ھ بغداد میں پیدا ہوئے۔ (۷۶) طبقات حنابلہ اور شجرۃ الکاملین میں بھی تاریخ پیدائش یہی ہے۔ (۷۷) آپ کی تعلیم و تربیت شیخ عبدالقادر جیلانی نے فرمائی اوائل عمر میں حدیث والد ماجد سے پڑھی علامہ ابن نجار اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں کہ آپ نے لڑکپن ہی سے اپنے والد محترم سے حدیث کی سماعت فرمائی تھی ان کے علاوہ بھی ایک بڑی جماعت سے احادیث کی سماعت فرمائی تھی اور اپنی ذاتی صلاحیتوں سے بہت کچھ حاصل کیا۔ (۷۸) آپ کو فن حدیث سے بڑا لگاؤ تھا اس لئے اس فن کی بنیادی اور اہم کتابیں بڑی مقدار میں جمع کیں آپ نے محمد بن صرما، قاضی ابوالفضل اموی، ابوالقاسم بن البنا، حافظ ابوالفضل محمد بن ناصر، ابو بکر بن الزاغونی، ابوالکرام بن شہرزوری اور اس طبقے کے دوسرے علماء سے اکتساب فیض کیا۔ (۷۹) ابن رجب اپنی طبقات میں لکھتے ہیں کہ آپ کو علم معرفت میں مہارت حاصل تھی۔ لیکن علم حدیث کی طرف توجہ اس سے بھی زیادہ تھی۔ (۸۰)

Marfat.com

حافظ محمد بن عبد الواحد حنبلی فرماتے ہیں آپکو بغداد کے ایک مشرقی محلّہ حلبہ کی طرف نسبت کی وجہ سے حلبی کہا جاتا ہے۔ میں نے بغداد میں آپ جیسا بیدار مغز معاملہ فہم اور اپنے مقصد کیلئے رواں دواں کوئی شخص نہیں دیکھا تھا۔ امام شہاب الدین ابو شامہ نے اپنی تاریخ میں آپکا تذکرہ لکھا ہے اور کہا ہے کہ آپ زاہد، عابد، ثقہ اور تھوڑی چیز پر قناعت کرنے والے تھے۔ (۸۱) حافظ عماد الدین ابن کثیر اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں

" آپ زاہد، عابد، ثقہ اور متقی تھے۔ اور حضرت شیخ عبد القادر جیلانی کی اولاد میں سے آپ سے بہتر کوئی شخص نہ تھا۔ آپ نے ان مناصب و امارت کو قبول نہیں کیا جنکو انہوں نے قبول کر لیا تھا۔ آپ دنیا سے کم حصہ لینے والے اور امیر آخرت کی طرف توجہ کرنے والے تھے۔ آپ نے بہت سے لوگوں سے سماع کیا۔ اور آپ سے بھی اسی طرح سماع کیا گیا۔ " (۸۲) مولف روض الظاہر کا بیان ہے کہ ذہبی، ابن نجار، عبد الطیف اور تقی البلدانی جیسے بہت سے مشاہیر نے آپ سے روایت کی ہے۔ امام محمد الذہبی لکھتے ہیں۔ ابو عبد اللہ بن دبیثی آپ سے حدیث روایت کرتے تو آپکی بہت مدح و ثناء بیان کرتے تھے۔ مجد الدین ابن نجار، ضیاء مقدسی، نجیب عبد الطیف۔ تقی البلدانی ان کے صاحبزادے ابو صالح نصر وغیرہ نے آپ سے شیخ شمس الدین عبد الرحمن بن ابو عمر ابن شیبان اور ایک جماعت کو اجازت مرحمت فرمائی تھی۔ (۸۳)

اپنی جلالت علمی کی بنیاد پر عراق کے مفتی بہت بڑے فقیہہ اور معرفت حدیث میں خصوصی طور پر ید طولیٰ رکھتے تھے۔ درس و تدریس کو بہت عزیز رکھتے۔ عظیم مناظر اور جامع الکمالات شخصیت کے حامل تھے۔ آپکی ذات سے بہت سے لوگوں کو فائدہ پہنچا۔ صاحب تذکرۃ الحفاظ لکھتے ہیں۔

مجھے ان کے واسطے سے حضرت ابو ہریرہ کی یہ حدیث ملی کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا سب سے پہلے بندے کی نماز کا حساب لیا جائے گا۔ اگر وہ پوری نکلی تو اسکے باقی عمل قبول کر لئے جائیں گے اور اگر وہ ناقص ہوئی تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا دیکھو اگر اسکے نفل ہیں تو اس سے اسکی نماز پوری کر دو۔ اس نقص سے نماز کی تعداد کا نقص اور اسکی کیفیت اور ہیئت کا نقص دونوں مراد ہو سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسکے نوافل سے دونوں طرح کا نقص دور فرما دے گا۔ (۸۴)

منکسر المزاجی، صبر و شکر، اخلاق حسنہ اور عفت شعاری آپ کا شعار تھا۔ شرم و حیاء کا پیکر مجسم تھے حافظ ابن رجب طبقات میں لکھتے ہیں " کہ آپ نے مسلسل تیس سال تک قطعی طور پر آسمان کی جانب نظر اٹھا کر نہیں دیکھا۔ آپ نے ایسا شرم و حیاء و خشیت الٰہی کی بنیاد پر کیا تھا۔ (۸۵) " آپ نے ایک کتاب بھی تصنیف فرمائی جو جلاء الخواطر کے نام سے معروف ہے۔ آپ کا وصال ۶ شوال ۶۰۳ھ کو ہوا۔ اور بغداد میں باب حرب کے قریب حضرت امام

Marfat.com

احمد بن حنبل کے قرب میں مدفون ہوئے۔(۸۶)

صاحب قلائد الجواھر نے ابن نجار کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ

اگلے دن بغداد کے محلوں میں آپ کی نماز جنازہ کا اعلان کیا گیا تو بے شمار لوگ جمع ہوگئے۔ بیرون شہر میں آپکی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ پھر تربت خلفاء کے مقام پر نماز ہوئی۔ اسکے بعد دریائے دجلہ پر نماز ادا کی گئی۔ اسکے بعد باب حریم پر نماز ہوئی۔ پھر خوبیہ کے مقام پر نماز ہوئی۔ اسکے بعد امام احمد بن حنبل کے مزار کے قریب نماز ادا کی گئی اور وہیں دفن کر دیا گیا۔(۸۷)

صاحب قلائد الجواھر لکھتے ہیں۔

آپ کے ہاں پانچ بیٹے اور دو بیٹیاں ہوئیں۔ جن کے نام یہ ہیں۔

(۱)حضرت ابو صالح نصر قاضی القضاہ

(۲)حضرت شیخ ابوالقاسم عبدالرحیم

(۳)حضرت شیخ ابو محمد اسماعیل

(۴)حضرت شیخ ابوالمحاسن فضل اللہ اور

(۵)حضرت شیخ جمال اللہ حیات المیر

(۱)حضرت بی بی سعادتہ اور

(۲)حضرت ام محمد عائشہ ہے۔

حضرت ابو صالح نصر سے نسب کا سلسلہ چلتاھے۔ اسلئے صرف آپ کا ذکر کیا جاتاھے۔

حضرت شیخ ابو صالح نصر بن سید عبدالرزاق:

نام عبداللہ نصر، کنیت ابو صالح اور لقب عماد الدین ہے۔ ۱۲ ربیع الآخر ۵۶۲ھ بغداد میں پیدا ہوئے والد کا نام سیدنا عبدالرزاق اور والدہ کا نام ام الکرم تاج النساء بنت فضائل الترکنیی تھا۔ آپ کی والدہ حدیث کی عالم اور خیر و برکت والی خاتون تھیں۔ آپ کا وصال بغداد میں اتوار کی شب ۱۶ شوال ۶۳۳ھ کو ہوا۔ اور امام احمد بن حنبل کے مزار کے ساتھ والے قبرستان میں دفن ہوئے۔(۸۸) شجرہ قادریہ رضویہ کے مطابق ۲۷ رجب المرجب ۶۲۳ھ کو وصال ہوا۔ آپ کی عمر ۷۰ برس تھی(۸۹) ابتدا میں تعلیم اپنے والد عبدالرزاق سے حاصل کی۔ علم،

Marfat.com

حدیث اور فقہ اپنے عم بزرگوار شیخ عبدالوہاب سے پڑھی۔ فتویٰ اور علم مناظرہ میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ صاحب شرف وفکر اور بہت بڑے محقق تھے۔ فقیہہ ذی فہم، شگفتہ مزاج، شریف الطبع اور متواضع شخصیت کے حامل تھے۔ آپ ان لوگوں میں سے تھے۔ جو کبھی خوف زدہ نہ ہوئے تھے۔ صاحب قلائد الجواھر لکھتے ہیں۔

آپ مدینۃ السلام میں قاضی القضاء کے عہدے پر فائز ہو کر حنبلی مسلک پر فتویٰ دیتے رہے ۶۲۲ھ میں خلیفہ ظاہر بامر اللہ نے اس عہدے پر فائز کر کے خلعت وسواری عطا کی۔ مدینۃ السلام کی تینوں مسجدوں میں آ کے نام کا خطبہ پڑھا جاتا تھا۔ آپ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے پیکر تھے۔ آپ اپنی مجلس میں لوگوں کو حدیث سناتے اور لکھواتے تھے۔ جمعہ کے دن جامع مسجد تک پا پیادہ تشریف لے جاتے۔ دربار خلافت میں خلیفہ کے حکم سے فیصلے صادر کرتے۔ اور اپنے اخلاق وسیرت پر اس طرح قائم رہے جس طرح اس عہدے پر فائز ہنے سے پہلے تھے۔ خلیفہ کی پوری زندگی میں آپ قاضی القضاء کے عہدے پر فائز رہے۔ اور جب مستنصر باللہ خلیفہ ہوا تو آپ صرف ۴ ماہ اپنے عہدے پر فائز رہے۔ ۲۳ ذیقعدہ ۶۲۳ھ میں آپ کو معزول کر دیا گیا۔ (۹۰) آپ سلسلہ قادریہ میں اپنے والد سے بیعت تھے۔ ابن رجب اپنی طبقات میں لکھتے ہیں کہ:

آپ قاضی القضاء شیخ الوقت، فقیہہ مناظر، محدث، عابد و زاہد اور بہترین واعظ تھے۔ اور اپنے جد امجد شیخ عبدالقادر جیلانی کے مدرسے کے متولی تھے۔ (۹۱) آپ بے خوفی سے فتویٰ دیتے، بد مذہب لوگوں سے واسطہ نہ رکھتے تھے خلیفہ وقت کو غلطی پر گرفت میں لیتے تھے۔ دربار خلافت میں اثر ورسوخ رکھنے والے کو خاطر میں نہ لاتے تھے۔ آپ کا ایک واقعہ بہت معروف ہے۔ صاحب قلائد الجواھر فرماتے ہیں:

ایک مرتبہ میں وزیر عشمی کے مکان پر حکومت کے نظم ونسق کے سلسلہ میں کچھ تحریر کر رہا تھا۔ وہاں محمد بن منحب محدث ابن زھیر منصف بھی موجود تھے۔ اچانک ایک ذی وقار شخص عہدہ لباس پہنے مکان میں داخل ہوا۔ اور پوری جماعت اسکو سلام کر کے اسکی خدمت میں مصروف ہو گئی۔ میں نے بھی یہی تصور کر کے کہ یہ بہت بڑا فقیہہ ہے ان لوگوں کا اتباع کیا۔ لیکن جب میں نے ان لوگوں سے معلوم کیا تو انھوں نے بتایا کہ یہ تو ابن کرم یہودی ہے۔ جو ٹیکسال کا گورنر ہے۔ اور دربار خلافت میں اسکا بڑا عمل دخل ہے۔ پھر جب وہ لوگوں کے پاس سے گزر کر میرے مقابل چبوترے پر بیٹھ گیا تو میں نے اس سے کہا کہ اس جگہ سے کھڑا ہو جا اور جب وہ میرے قریب آیا تو میں نے کہا۔ ہلاکت تیرا مقدر ہو تو جب داخل ہوا تو میں تجھے ایک مسلمان فقیہہ سمجھ کر تعظیم کیلئے کھڑا ہو گیا تھا۔ حالانکہ فقیہہ ہونا تو در کنار تو مسلمان بھی نہیں ہے۔ پھر میں نے اس سے کہا کہ میرے سامنے سے دفع ہو جا۔ یہ سن کر وہ خاموشی سے چلا گیا۔ دربار خلافت سے میرا کچھ وظیفہ مقرر ہوا تھا۔ جو میں بدرم کے مقام پر جا کر وصول کرتا تھا۔ لیکن

Marfat.com

ایک سال اتفاق سے ایسا ہو گیا کہ مقررہ دن کو امام احمد بن حنبل کے مزار پر چلا گیا۔ واپسی پر وظیفہ وصول کرنا چاہا۔ تو مجھ سے کہا گیا کہ آپ کا وظیفہ تو ابن کرم یہودی کے پاس ہے۔ وہاں سے جا کر وصول کریں۔ لیکن میں نے یہ فیصلہ کر لیا ایک کافر سے اپنا وظیفہ طلب کرنے ہرگز نہیں جاؤں گا۔ پھر اللہ کے بھروسہ پر اشعار پڑھتا ہوا گھر آ گیا۔ اور یہ سلسلہ جاری رہا۔ یہاں تک کہ وہ ملعون ختم کر دیا گیا۔ (۹۲)

خلیفہ ناصر کے انتقال کے بعد اس کے لئے ظاہر نے جو کہ ایک صالح اور متقی شخص تھے۔ جن کے بارے میں ابن کثیر نے کہا ہے کہ وہ بنو عباس میں عمر بن عبد العزیز کا مماثل تھا۔ قاضی القضاء کی ذمہ داری پھر شیخ ابو صالح نصر کو دے دی۔ لیکن آپ نے یہ کہہ کر انکار کر دیا۔ کہ جب تک تم ذوی الارحام کو وراثت میں شامل نہیں کرو گے۔ میں ہرگز یہ عہدہ قبول نہیں کرونگا۔ چنانچہ خلیفہ نے آپ کی یہ بات مان لی۔ اور حقداروں کو حق پہنچانے کا حکم دے دیا۔ او قاف عام کا بھی آپ کو نگران مقرر کیا گیا اور ہر قسم کا اختیار دے دیا گیا۔ آپ ان مدارس حنفیہ جامع السلطان اور جامع ابن المطلب میں ہر قسم کی ترمیم کا اختیار رکھتے تھے۔ بغداد کی عظیم درسگاہ نظامیہ کے منتظم بھی آپ تھے۔ آپ کے دور قضا میں باب العدل پر اذان ہوتی اور باجماعت نماز ادا کی جاتی۔ آپ روئی کا لباس پہنتے اور مقدموں پر غور و خوض کے بعد فیصلہ دیتے۔ اسلاف کے نقش قدم پر چلتے اور شدت سے حق پر قائم رہتے۔ جب مستنصر نے آپ کو معزول کیا تو آپ نے مندرجہ ذیل اشعار پڑھے۔

حمدت الله عزو جل لما : قضى لى با لخلا ص عن القضا ء

وللمستنصر المنصور اشكر : و اد عوفوق معتاد الد عا ء

ترجمہ: میں خدائے عزوجل کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے مجھے قضاء کے عہدے سے رہائی عطا کر دی۔ میں مستنصر کا بھی شکر گزار ہوں اور اس کے لئے تمام دعا کرنے والوں سے زیادہ دعا گو ہوں۔ (۹۳)

ابن رجب کے مطابق اپنے خاندان میں آپ سب سے پہلے قاضی القضاء کے عہدے پر فائز ہوئے (۹۴)۔ آپ نے علم فقہ میں ایک کتاب "ارشاد المبتدین" بھی لکھی۔ بہت سے لوگوں نے آپ سے علم فقہ سیکھا اور فائدہ حاصل کیا۔ آپ کے تفقہ کا اعتراف کرتے ہوئے صرصری نے آپ کی مدح میں قصیدہ لکھا۔

جس کا ایک شعر یہ ہے:

وفى عصر ناقد كان فى الفقه قدوة ابو صالح نصر لكل مو عمل

ترجمہ: اس وقت فقہ میں شیخ ابو صالح نصر وقت کے امام ہیں۔ اور وہ ہر ایک مقصد کے معین و مددگار ہیں۔ آپ اکثر یہ شعر پڑھا کرتے تھے۔

Marfat.com

انا فی القبر مفرد و رھین　　غارم مفلس علیٰ دیون

ترجمہ: میں قبر میں تنہا اور ابن شدہ ہوں۔ کیونکہ قرضوں کے بار کی وجہ سے میں مفلس ہو گیا ہوں۔

ایک اور شعر میں وہ کہتے ہیں کہ:

قد انخت الرکاب عند کریم　　عتق مثلی علی الکریم یھون

ترجمہ: میں نے اپنی سواری کو ایسے کریم کے پاس بٹھادیا ہے کہ مجھ جیسے کی آزادی کریم کے لئے آسان ہے۔(۹۵)

آپ کی اولاد میں سے ابو موسیٰ یحیٰی اور ابو نصر محمد ہوئے۔(۹۶) زبدۃ المو الید کے مطابق آپ کے ایک بیٹے کا نام احمد ہے۔ چونکہ ابو نصر محمد سے نسب چلتا ہے۔ اس لئے آپ کے حالات لکھتے ہیں۔

شیخ ابو نصر محمد بن ابو صالح نصرؒ

آپ بغداد میں پیدا ہوئے تعلیم و تربیت اپنے والد حضرت ابو صالح نصر سے حاصل کی۔(۹۷) والد کے علاوہ حسن بن علی بن مرتضی العلوی۔ ابو اسحاق یوسف بن ابی حامد ابی الفضل محمد بن عمر اروی جیسے اساتذہ سے حدیث سنی۔(۹۸) حافظ ابن رجب طبقات میں لکھتے ہیں کہ آپ نہایت جلیل القدر عالم و زاہد اور متورع تھے۔ اپنے جد امجد کے مدرسہ میں درس تدریس میں مشغول رہتے۔ تاحیات علمی مشاغل سے وابستہ رہے۔ (۹۹)

آپ اعلی درجے کے محقق، محدث اور مدرس تھے۔ عظیم فقاہت کی بنا پر عراق کے مفتی مقرر ہوئے۔ جس وقت آپکے والد قاضی القضاۃ کے عہدے پر فائز تھے تو آپکو دار الخلافہ میں مسند عدالت پر سرفراز کیا گیا۔ لیکن آپ صرف ایک ہی مرتبہ عدالت میں بیٹھے۔ اسکے بعد استعفیٰ دے کر باب لازج کے مدرسہ میں درس دینے لگے۔ پھر تقوی کے پیشِ نظر قاضی القضاۃ کا عہدہ قبول نہیں فرمایا۔ آپ سے حافظ دمیاطی وغیرہ نے حدیث کی سماعت کی ہے۔ آپ اپنے جد امجد حضرت غوث الاعظم کے بہت مشابہ تھے۔ آپ کا وصال ۱۲ شوال بروز دوشنبہ ۶۵۶ھ میں ہوا۔ اور حضرت شیخ عبد القادر جیلانی کے مدرسے کے احاطے میں مدفون ہوئے۔(۱۰۰)

آپ کے تین صاحبزادے تھے۔ شیخ عبد القادر ثانی، شیخ عبد اللہ اور شیخ ظہیر الدین ابو مسعود احمد (۱۰۱) صاحب تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ نے چوتھے بیٹے کا نام سید علی لکھا ہے۔(۱۰۲) رزاقیہ سلسلہ چونکہ حضرت شیخ ظہیر الدین مسعود احمد صاحب سے چلتا ہے اس لئے ہم یہاں ان کے حالات رقم کرتے ہیں۔

شیخ ظہیر الدین ابو مسعود احمد

آپ بغداد میں پیدا ہوئے۔ آپ فصیح و بلیغ گفتگو فرماتے تھے۔ جامع مسجد میں خطبہ دیتے اور اپنے دادا

132272

Marfat.com

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کے مدرسے میں بطور مدرس پڑھاتے۔ شیخ عزالدین لکھتے ہیں کہ آپ فاضل اور واعظ تھے۔ اور ستھری سے احادیث کی سماعت کی تھی۔ ۲۷ ربیع الاول بروز سہ شنبہ ۶۸۱ھ لاپتہ ہوگئے۔ اور بعد میں آپ کی نعش ایک کنویں سے برآمد ہوئی۔ (۱۰۳) آپ کا ایک صاحبزادہ تھا جس کا نام شیخ سیف الدین یحیٰ تھا۔

شیخ سیف الدین یحییٰ

آپ بہت عابد وزاہد اور وجیہ وشکیل تھے۔ بغداد سے ہجرت کر کے حماۃ چلے گئے۔ اور وہیں مستقل سکونت اختیار کرلی۔ اور ۷۳۴ میں وہیں وفات پائی۔ آپ نے اپنے جد اعلیٰ حضرت شیخ ظہیر الدین ابو مسعود احمد کے غائب ہو جانے پر دردناک شعر کہے۔

بد افحبنا اللیل اطلع فجر ہ وماذ اك الا نورہ حین اسفرا

ترجمہ: رات کی تاریکی کے بعد جو فجر کی روشنی ظاہر ہوئی۔ وہ دراصل اس کے چمکنے والے نور کی برکت ہے۔

وادخلنا من ذالك الحسن ھیبة وعتبنا عنا فلم ندر ما جری

ترجمہ: ہمارے قلوب میں اسکے حسن کی ہیبت موجود ہے۔ اگرچہ ہم اس کے غائب ہونیکی وجہ نہیں جانتے۔ (۱۰۴) آپ کا مزار عاصی نہر کے کنارے ہے۔

شیخ شمس الدین محمد

سید سیف الدین یحٰی کے بیٹے تھے۔ آپ عظیم المرتبت شیخ وعالم تھے اور آپ سے بیت المقدس کی ایک بہت بڑی جماعت نے حدیث سماعت کی۔ آپ کی تاریخ ولادت و وفات معلوم نہیں ہو سکی آپ کے دو فرزند تھے۔ شیخ عبدالقادر اور شیخ علاء الدین علی، (۱۰۵) ملا علی قاری نے نزہتہ الخواطر میں لکھا ہے کہ شیخ عبدالقادر لاولد فوت ہوئے۔ اور علاء الدین علی الگیلانی کے تین بیٹے پیدا ہوئے۔ جن کے نام سید بدرالدین حسن، سید شمس الدین محمد اور سید نورالدین حسینؒ۔ (۱۰۶)

شیخ علاء الدین علی

آپ شیخ شمس الدین محمد کے بیٹے تھے۔ آپ کے تین بیٹے ہوئے سید شمس الدین محمد صاحب قلائد الجواہر نے نام شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن علاء الدین لکھا ہے۔ دوسرے کا نام سید بدرالدین حسن تیسرے کا نام نورالدین حسین تھا۔ سید بدرالدین حسن کے دو بیٹے سید احمد ابوالعباس اور سید شمس الدین محمد تھے۔ سید احمد ابوالعباس سے دو

Marfat.com

بیٹے سید عبدالباسط اور سید ابوالنجا کے نام سے مشہور ہوئے۔ اور حماۃ میں مدفون ہوئے۔(۱۰۷) سید شمس الدین محمد بن سید بدرالدین کا ایک لڑکا سید عبدالرزاق تھا۔ یہ اپنے وقت کے شیخ الشیوخ ہو گزرے ہیں، حماۃ میں فوت ہوئے وہیں مدفون ہیں (۱۰۸) آپ بروز منگل ۲۴ جمادی الآخر ۷۹۳ ھجری قاہرہ (مصر) میں فوت ہوئے اور وہیں دفن ہوئے۔(۱۰۹)

شیخ نورالدین حسین

آپ شیخ علاء الدین کے بیٹے تھے۔ آپ کے ہاں ایک بیٹا ہوا جسکا نام سید محی الدین تھا۔ آپ علم و فضل میں بلند درجہ رکھتے تھے۔ آپ نے حماۃ میں وفات پائی اور وہیں مدفون ہوئے۔(۱۱۰)

حضرت سید محی الدین یحییٰ۔

آپ سید شیخ نورالدین کے اکلوتے بیٹے تھے۔ آپ مشائخ قادریہ کے سرداروں میں سے تھے حماۃ و بلاد شام میں آپ کو بہت قدر و منزلت حاصل رہی، آپ بہت متواضع اور ذی فہم تھے۔ اہل علم کے ساتھ بڑے اخلاق و محبت سے پیش آتے۔ اسی سال سے زائد عمر پائی، آپ کا مزار حماۃ میں ہے، آپ کے ہاں ایک فرزند ہوا جس کا نام سید شرف الدین قاسم تھا۔(۱۱۱)

سید شرف الدین قاسم

آپ سید محی الدین یحیٰی کے فرزند تھے۔ مشائخ قادریہ کے سرداروں میں ہو گزرے ہیں۔ حماۃ کے علاوہ بلاد شام میں آپ کو عظمت و مرتبت حاصل رہی، مریدین کی بہترین تربیت فرمائی۔ ظاہری و باطنی اعتبار سے بہت صدقات کیا کرتے۔ کبھی تلاوت قرآن ترک نہیں کی۔ آپ کیا اقوال زریں زبان زدِ خاص و عام تھے۔ صاحب قلائدالجواہر کہتے ہیں کہ میں بھی اپنے والد کے ہمراہ ۹۱۰ھ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا، اس وقت آپ کی عمر ۵۰ سال سے زائد تھی۔(۱۱۲) آپ کی اولاد میں سے سید شہاب الدین احمد، سید شمس الدین محمد، سید عبدالقادر، سید شیخ ابوالبرکات اور سید شیخ محمد ابوالوفا ہوئے۔(۱۱۳)

سید شہاب الدین احمد

آپ سید شرف الدین قاسم کے بیٹے تھے آپ کے حالات زندگی کسی کتاب میں نہیں ملتے نزھۃ الخواطر اور نسب الشیخ عبدالقادر گیلانی کے مطابق آپ کے ایک صاحبزادے ہوئے۔ جنکا نام سید الشیخ علی الہاشمی لکھا ہے (۱۱۴)

Marfat.com

ہے(۱۱۴) شجرہ قادریہ میں آپ کے ایک بیٹے اور ایک صاحبزادی کا ذکر بھی ہے۔ بیٹے کا نام بدر اشرف اور صاحبزادی کا نام صاحبہ لکھا ہے

شیخ علاء الدین علی الہاشمی

آپ شہاب الدین کے بیٹے تھے۔ آپکی اولاد میں سے سیدہ مجلٰی، سیدہ نزہا، سید الشیخ جلال الدین، سید شیخ احمد ، سید محمد حسین(۱۱۵)اور سید یحیٰی ہوئے۔(۱۱۶) آپ نے قرآت قرآن کے بعد حدیث وفقہ کی تعلیم حاصل کی۔ مصر وشام اور حجاز وحلب کا سفر کر کے مشائخ کرام سے بہت کچھ حاصل کیا۔ آپکے مریدین کی تعداد بہت ہے۔ عوام وخاص میں آپکو بہت عزت وشہرت حاصل رہی۔ آپ اپنے والدین کی سب سے چھوٹی اولاد تھے لیکن وقار ومرتبہ کے لحاظ سے سب سے زیادہ بلند وبالا تھے۔ آپ کے علوم سے اللہ تعالی نے لوگوں کو بہت نفع پہنچایا۔ شیخ علاء الدین کی اولاد سے آج بھی لوگ بکثرت حماۃ میں مقیم ہیں۔(۱۱۷)

سید محمد حسین شاہ

آپ سید علاء الدین علی الہاشمی کے فرزند تھے۔ آپ حماۃ میں پیدا ہوئے اور وہیں مدفون ہیں۔ سلسلہ قادریہ کے فروغ کے لئے آپ نے بہت کاوش کی۔ آپ کو دینی علوم میں کمال مرتبہ حاصل تھا۔(۱۱۸) آپکی اولاد میں سے حضرت سید علی شاہ ہوئے جن سے آپکا نسب آگے چلتا ہے۔

حضرت سید علی شاہ جیلانی

آپ سید محمد حسین شاہ کے فرزند ارجمند تھے۔ عابد وزاہد اور قرآن وسنت کے عالم تھے۔ فقہ پر عبور حاصل تھا۔ مشکل مسائل کو حل کرنے میں دیرنہ کرتے۔ آپکو وفات کے بعد نہر عاصی کے کنارے دفن کیا گیا۔ آپ کی اولاد میں سے سید ناد علی شاہ مشہور ہوئے۔(۱۱۹)اور انہیں سے سلسلہ آگے چلتا ہے۔

سید ناد علی شاہ جیلانی

آپ سید علی شاہ جیلانی کے بیٹے تھے۔ آپ نے فقہ کی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی۔ مختلف علماء سے اکتساب فیض کیا۔ رب کریم نے آپکو باطنی علوم سے نواز رکھا تھا۔ آپنے تبلیغ دین کیلئے بہت محنت کی۔ تبلیغی دورے کر کے امت مسلمہ کو گمراہی اور جہالت کے اندھیروں سے نکالا۔ محبت والفت اور بھائی چارے کی تلقین آپکا شعار تھا۔ آپکی اولاد میں سے حضرت سید کریم شاہ آپکے سجادہ نشین ہوئے۔(۱۲۰)

Marfat.com

حضرت سید کریم شاہ جیلانی

حضرت سید کریم شاہ وقت کے نامور علماء میں سے تھے۔دین کی تبلیغ کیلئے مختلف مقامات کے سفر کیے۔ درس و تدریس میں بہت دلچسپی لی۔امت مسلمہ کی اصلاح کیلئے وعظ و نصیحت کو ذریعہ بنایا۔ مخلوق خدا سے محبت فرماتے، کسی کا دل نہ دُکھاتے۔ حضرت غوث الاعظم سے آپ کو بہت محبت تھی۔ وقت کے اکابر آپکی بارگاہ میں حاضری کو سعادت خیال کرتے۔ آپکے فیض یافتہ اور مریدین کی تعداد بکثرت موجود تھی۔ آپکا وصال حماۃ میں ہوا اور اپنے قدیمی آبائی قبرستان میں مدفون ہوئے۔(۱۲۱)

حضرت سید بدر الدین حیدر شاہ منور جیلانی

آپ سید کریم شاہ کے بیٹے تھے۔اوائل عمر میں تعلیم حماۃ میں حال کی۔ وقت کے علماء سے تعلیم مکمل کرنے کے بعد درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ مخلوق وخدا کی اصلاح کیلئے تبلیغی دورے کئے۔ سیر و سیاحت کا بھی آپکو شوق تھا۔ سلسلہ قادریہ کے فروغ کیلئے بہت کام کیا۔ آپ درود و وظائف کے بہت پابند تھے۔ آپ کا وصال حماۃ میں ہوا اور نہر عاصی کے کنارے آپکو دفن کیا گیا۔(۱۲۲)

سید عفیف الدین حسین شاہ جیلانی

آپ سید حیدر شاہ منور جیلانی کے بیٹے تھے۔ ۱۲۶۴ھ میں حماۃ میں پیدا ہوئے(۱۲۳)،اس نسبت سے حموی کے لقب سے معروف ہوئے۔ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی اور بعد میں اچھے وقت کے علم سے دین اسلام کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد مخلوق خدا کی اصلاح کیلئے شب و روز سوچنے لگے۔ حماۃ علم وادب کا گھوارہ تھا۔ آپ ان لوگوں کے بارے میں سوچتے جو دین اسلام سے دور گمراہیوں میں بھٹک رہے تھے۔ سنت نبوی پر عمل کرتے ہوئے اپنے وطن کو چھوڑا اور برصغیر کا رخ کیا۔ آپ نے یہ طویل سفر اونٹوں پر طے کیا۔ جہاں اے گزرتے لوگوں کو اللہ کے دین کی تبلیغ فرماتے۔ آپکی تبلیغی ساعی جمیلہ سے مصر و شام، عراق وایران اور ہندستان وافغانستان کے نفوس مستفید ہو کر حلقہ اسلام میں داخل ہوئے۔ ہجرت کا طویل سفر طے کرنے کے بعد پشاور پہنچ کر اسی مقام کو اپنا مسکن بنایا۔اور مخلوق خدا کی اصلاح میں مصروف ہوگئے۔ آپ بہت بڑے عالم، محدث فقیہہ اور بے مثل خطیب اور صاحب تصانیف بزرگ تھے۔ آپکی تصانیف میں مفتاح العارفین بہت اہمیت کی حامل کتاب ہے۔ ضخامت کے اعتبار سے ۱۵۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔اس کتاب کو مصنف نے تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلا حصہ توحید،دوسرا حصہ رسالت اور عقائد اور تیسرا حصہ تصوف اسلام پر مبنی ہے۔ کتاب کی زبان فارسی اور پشتو کا مرکب معلوم ہوتی ہے۔ یہ غیر مطبوعہ قلمی نسخہ

Marfat.com

دربار عالیہ قادریہ سدرہ شریف ڈیرہ اسماعیل خان میں موجود ہے صاحب کتاب نے اسی کتاب میں اپنا شجرہ اپنے قلم سے درج کیا ہے۔ کتاب کی تحریر بہت خوبصورت ہے۔ دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ صاحب کتاب کتنے خوشنویس تھے۔ کتاب کی زبان بہت دقیق ہے یوں محسوس ہوتا ہے کہ یہ کتاب پشاور میں لکھی گئی ہے۔ فارسی زبان پر قدرے پشتو زبان کا غلبہ نظر آتا ہے۔ اللہ کے فضل و کرم سے اب اسکا ترجمہ اردو زبان میں ہو چکا ہے حضرت سید نا عفیف الدین صاحب کتاب کتاب کے خواص بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"یہ کتاب جاہل کو عالم بناتی ہے اور اگر اسے مفلس پڑھے تو غنی بن جائے پریشان حال پڑھے تو اسے دلجمی حاصل ہو اگر طالب مولٰی پڑھے تو اس سے کوئی چیز پوشیدہ نہ رہے۔ اگر پڑھ کر عمل کرے تو آسانی سے اپنے مطلوب کو پہنچ کر کامل بن جائے۔ (۱۲۴)"

اس کتاب میں آپ نے تصوف پر خوب بحث کی ہے آپ فرماتے ہیں۔" یہ کتاب ہیجڑوں کو مرد بناتی ہے اور مردوں کو شیر ببر (۱۲۵)۔"مفتاح العارفین آپکی شاہکار تصنیف ہے آپ نے مناجات جو آپکے اوراد میں شامل تھیں اپنی تصنیف میں درج کی ہیں۔ ان میں سے چند پیش کی جاتی ہیں۔

"یارب کریم اپنے محبوب کریم کے اخلاق کے طفیل میری اولاد کو اپنے فرمانبرداروں کی فہرست میں لکھ دے اور ایک ہزار سال کیلئے ان میں جو نسلاً بعد نسلاً پیدا ہوتے رہیں انکو اپنے قہر و غضب سے محفوظ فرما۔ (۱۲۶)"

آپ نے پشاور میں مقیم ہو کر امت مسلمہ کو اسلامی تعلیمات سے روشناس کرایا۔ غوثیہ تعلیمات کو عام کیا قادریہ طریقے کو فروغ دیا۔ ۱۱۳۵ھ میں آپ کا وصال ہوا۔ مزار بیرون یکہ توت شاہ باغ کالونی پشاور میں ہے۔ آپ نے اپنے پیچھے دو فرزند چھوڑے سید گل بادشاہ اور سید عبداللہ المعروف سید بادشاہ۔ سید بادشاہ اپنے وقت کے کامل ولی تھے۔ آپ نے شادی نہ کی۔ سید گل بادشاہ سے آپکی اولاد کا سلسلہ چلا۔ سید بادشاہ چونکہ صاحب وحدیث اور خاندان رزاقیہ کی خلافت کے حقیقی امین تھے اس لئے پہلے آپکا اجمالاً ذکر کیا جاتا ہے۔

الشیخ سید عبداللہ المعروف سید بادشاہؒ

آپ کا اصل نام سید عبداللہ تھا۔ سید بادشاہ کے نام سے پشاور میں مشہور ہوئے۔ ۲ ذوالحجہ ۱۱۰۲ھ بوقت ۲ بجے سوموار پیدا ہوئے۔ (۱۲۷) ابتدائی تعلیم اپنے والد گرامی سے حاصل کی۔ فقہ حدیث اور تفسیر وقت کے اکابر علماء سے حاصل کی۔ آپ سیرت کے ساتھ صورت میں بھی بادشاہ تھے۔ فہم و فراست، ریاضت، عبادت، زہد، مجاہد،

Marfat.com

تقوی طہارت اور صبر و قناعت کے پیکر مجسم تھے۔ آپ ہمیشہ چہرہ مبارک کو چھپائے رکھتے۔ وقت کا بیشتر حصہ عبادت میں گزارتے۔ اکثر گھر میں رہتے، شرم و حیا کا پیکر تھے۔ غیر محرم پر کبھی نظر نہیں پڑی۔ تحریک پاکستان کے دوران پاکستان کے قیام کی بھرپور حمائت کی۔ اپنے مریدین کو مسلم لیگ کی حمائت کا حکم دیا۔ اپنے رشتہ داروں کو قائداعظم کی حمائت کی تلقین کی۔ آغا سید لال بادشاہ بخاری جو رشتے میں آپکے برادر نسبتی تھے۔ انہیں قائداعظم کی حمائت اور مسلم لیگ میں شمولیت پر آمادہ کیا۔ یہی وجہ ہے کہ آغا سید لال بادشاہ نے قائداعظم کے دورہ پشاور کے دوران تمام مخالفتوں کے باوجود قائداعظم کا بھرپور استقبال کیا اور انکی میزبانی کی۔ اس دورے کے دوران قائداعظم آغا سید لعل بادشاہ کے ہمراہ سید بادشاہ کی خدمت میں انکے گھر ملنے گئے اور دعا بھی کرائی۔ اللہ بخش یوسفی نے اپنی کتاب "سیاسیات سرحد کے ارتقائی منازل" میں لکھا ہے "کہ قائداعظم کا دورہ سرحد آپکی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔" وہ لکھتے ہیں کہ:" قائداعظم خود بھی صوبہ سرحد کا دورہ کرنے کے خواہاں تھے لیکن حالات سازگار نہ تھے۔ جمعیت خلافت کی طرف سے ہم نے مولانا شوکت علی خان کو ساری صورت حال سے آگاہ کر دیا لیکن اس کے باوجود ہمارے ایک رفیق نے جو وکالت کرتے تھے (پیر بخش خان) قائداعظم کو پشاور آنے کی دعوت دیدی۔ (۱۲۸) محمد شفیع صابر نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ ۱۹۳۱ء میں جب قائداعظم گول میز کانفرنس میں شرکت کیلئے لندن روانہ ہونے لگے تو پیر بخش نے قائداعظم سے ملاقات کر کے دورۂ سرحد کی دعوت دی۔ پیر بخش خان کا تعلق اس گروپ سے تھا جسکی قیادت آغا سید لال بادشاہ کر رہے تھے اور آغا سید لال بادشاہ کی پشت پر حضرت سید بادشاہ کا ہاتھ تھا۔ محمد شفیع صابر مئولف تاریخ صوبہ سرحد وجوہات کا جائزہ پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ؛" اصل حالات یوں تھے کہ میونسپل انتخابات کے دوران پشاور کے خلافتی کارکن دو دھڑوں میں بٹ چکے تھے۔ ایک گروہ پیر بخش کے ساتھ تھا جسکی قیادت آغا سید لال بادشاہ کے ہاتھ میں تھی جبکہ دوسرا گروپ سردار عبدالرب نشتر کے حامیوں پر مشتمل تھا۔ نشتر گروپ کا خیال تھا کہ قائداعظم کو صوبہ سرحد کے دورے پر پیر بخش خان اپنی پوزیشن مضبوط بنا کر آنے والے انتخابات میں فائدہ اٹھانا چاہتا ہے۔ اسی جذبہ مسابقت کا اظہار بعد میں بھی ہوا۔ قائداعظم کی آمد پر سرداو عبدالرب نشتر اور انکے ساتھیوں نے کیمبل پور پہنچ کر انکا استقبال کیا جبکہ باقی ماندہ ارکان نے پشاور شہر کے ریلوے اسٹیشن پر آپکے خیر مقدم کیلئے موجود تھے۔ (۱۲۹): صاحب تاریخ صوبہ سرحد مزید لکھتے ہیں کہ؛ قائداعظم کے دورے کے سلسلے میں جو مجلس استقبالیہ تشکیل دی گئی اس کے صدر آغا سید لال بادشاہ تھے اور سیکرٹری پیر بخش خان ایڈوکیٹ (۱۳۰): ۱۱۸ اکتوبر ۱۹۳۶ کی صبح کو قائداعظم محمد علی جناح پشاور ریلوے اسٹیشن پر اترے وہ انگریزی سوٹ اور سفید سولا ہیٹ پہنے ہوئے تھے۔ آغا سید لال بادشاہ کی قیادت میں مجلس خلافت کے سرکردہ ارکان اور معززین پشاور انکے استقبال کیلئے پلیٹ فارم پر موجود تھے۔ قائداعظم کو موٹر

Marfat.com

کار میں بٹھایا گیا اور ایک جلوس کی صورت میں بڑے بڑے بازاروں سے گزار کر منڈی بیری یکہ توت لایا گیا، سید اقبال شاہ بخاری (ایڈووکیٹ) فرزند سید آغا لال بادشاہ (جو کہ چشم دیدہ گواہ ہیں)۔ بیان کرتے ہیں کہ اہل پشاور قائداعظم کی آمد پر بہت خوش تھے اور نعرے لگا رہے تھے، قائداعظم اس مکان میں ٹھہرے جس میں آجکل گورنمنٹ گرلز ہائی سکول یکہ توت کام کر رہا ہے قیام وطعام کا انتظام مجلس خلافت ہی نے کیا تھا۔ (۱۳۱) یہی وہ مقام ہے جہاں سید بادشاہ کی قائداعظم سے ملاقات ہوئی۔ ۱۹ اکتوبر ۱۹۳۶ء کو شاہی باغ پشاور میں ایک عظیم الشان جلسہ کا اہتمام کیا۔ صوبہ سرحد کا یہ پہلا جلسہ تھا جس میں قائداعظم نے خطاب کیا۔ یہ وہ دن تھے جب کانگریس عروج پر تھی۔ اس عظیم الشان جلسہ کی صدارت سید لال بادشاہ نے کی جو آپکے (سید بادشاہ) کے برادر نسبتی تھے۔ آپکی خواہش کے مطابق سید لال بادشاہ نے مسلم لیگ کے قیام اور اسکے فروغ میں بہت سرگرمی دکھائی۔ سید لال بادشاہ نے تحریک سیرت جسکی بنیاد خاندان رزاقیہ کے چشم وچراغ حضرت سید سلیمان پھلواری سجادہ نشین درگاہ پٹنہ نے رکھی جو ماہ ربیع الاول میں ہر شہر اور ہر قریہ میں سیرت رسول انام ﷺ کے سلسلہ میں جلسے منعقد کرتی تھی صوبہ سرحد اور صوبہ پنجاب میں اسے سید لال بادشاہ نے فروغ دیا اور یہ سلسلہ آج تک قائم ودائم ہے۔ آجکل سید ظفر علی شاہ سیرت رسول انام سے ماہ ربیع الاول میں میلاد النبی ﷺ کا جلوس نکالتے ہیں اور تیرے عظیم الشان اجتماع منعقد کرتے ہیں۔

متذکرہ بالا واقعات بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ سید لال بادشاہ بخاری جو کہ آپکے بہنوئی تھے اور مجلس خلافت کی قیادت کر رہے تھے انہوں نے آپکی ہدایت پر مسلم لیگ اور قائداعظم کا ساتھ دیا چونکہ آپ خلوت پسند تھے اسلئے براہ راست سیاست میں حصہ نہ لیا مگر قیام پاکستان کے حامی تھے اور مسلمانوں کے علیحدہ وطن کے حق میں تھے آپکی نگاہ بصیرت دیکھ رہی ہے کہ پاکستان کا قیام مسلمانوں کا مقدر بن چکا ہے۔ اسلئے آپ نے اپنے حلقہ ارادت میں شامل تمام لوگوں کو مسلم لیگ کی حمائت کا حکم دیا۔ اس طرح آپ نے تبلیغ اسلام کے ساتھ ساتھ تحریک پاکستان میں بھی پس پشت رہ کر بھرپور حصہ لیا۔ (۱۳۲)

۲۰ صفر ۱۳۹۱ھ بمطابق ۱۵ اپریل ۱۹۷۱ء آپکی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ آپ نے وصیت کی تھی کہ مجھے ڈیرہ اسماعیل خان بمقام سدرہ شریف دفن کیا جائے۔ یہ گاؤں ڈیرہ اسماعیل خاں سے ۲۰ کلومیٹر کے فاصلے پر بنوں روڈ کے قریب واقع ہے۔ بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر آپکو بطور امانت یکہ توت پشاور والد کے ساتھ دفن کیا گیا۔ ساڑھے ۴ سال بعد ۱۱ رجب ۱۳۹۶ھ بمطابق ۱۰ جولائی ۱۹۷۶ء بعد نماز عصر قبر کشائی بیٹے نواسہ رزاقیہ کے چشم وچراغ اپنے خدام کے ساتھ آگے بڑھتے قبر کشائی کے بعد جب تابوت نکالا گیا تو وہ بالکل تروتازہ اور اصلی حالت میں تھا۔ جب تابوت کھول کر آپ کے جسد اقدس کو دیکھا گیا تو دیکھنے والی آنکھ محو حیرت کہ آپ پر پسینہ آرہے ہے

Marfat.com

پھول شگفتہ، جسم اطہر تازہ اور ریش مبارک سے پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے۔ ایک دن اور ایک رات آپکا تابوت اہل پشاور کی زیارت کیلئے پڑا رہا اور ہر عام و خاص نے زیارت کی۔ ماننے والے رب ذوالجلال کی عطا پر حمد و ثناء بیان کرتے رہے اور نہ ماننے والے انگشت بدنداں دریائے حیرت میں غرق دیکھتے رہے جیسے انہیں اپنی بصارت پر یقین نہ آرہا ہو۔ مگر اللہ رب العزت کا اٹل قانون اور فیصلہ ہے کہ وہ اپنے محبوب بندوں کی حفاظت خود فرماتا ہے اور اس انداز سے فرماتا ہے کہ انکی زندگی اور موت کا ہر لمحہ اسکی نظر میں ہوتا ہے اور محفوظ ہوتا ہے۔ یہ ہستیاں دراصل ایک گھر سے دوسرے گھر چلی جاتی ہیں اور مٹی کو مجال نہیں کہ انکے جسم اطہر کو چھو سکے۔ اس لئے جو رزق رب ذوالجلال انہیں عطا کرتا ہے اس پر وہ خوشیاں مناتے ہیں۔ یہ کوئی عرصہ دراز کی بات نہیں اور نہ داستانوں میں سے کوئی داستان ہے۔ یہ واقعہ تو ۱۹۷۶ء کا ہے جس کے عینی شاہد آج بھی موجود ہیں اور بتاتے ہیں کہ تابوت پر بادل کے ایک ٹکڑے نے سایہ کر رکھا تھا۔

۱۱ جولائی ۱۹۷۶ء کو آپکے تابوت کو زرگر آباد بیرون یکہ توت پشاور سے ایک ویگن کے ذریعے سدرہ شریف ڈیرہ اسماعیل خاں لایا گیا۔ سدرہ جو ایک ویرانے کا نام ہے۔ سڑک سے ۵ میل دور بے آب و گیاہ بنجر زمین پانی سے محروم ایک گاؤں ہے۔ آپکی آمد کے بعد زائرین کا مرکز بن گئی۔ ڈیرہ اسماعیل خاں اور دور نزدیک سے لوگ آپکی زیارت کیلئے جمع ہوگئے۔ آپکی آمد سے اس ویرانے میں بہار آگئی۔ سدرہ کا گاؤں سدرہ شریف بن گیا۔ آپ کے وارث سجادہ نشین نے آپکے تعویز پر ایک خوبصورت مزار تعمیر کرایا۔ مزار شریف پر ایک خوبصورت پُر کشش منفرد طرز تعمیر کا حامل قبہ اپنی انفرادیت میں سید بادشاہ کی طرح گنبدوں کا بادشاہ کہلانے کا مستحق ہے۔ سید بادشاہ کی عظمت و بادشاہت کا اعلان شب و روز کرتا نظر آرہا ہے۔ بنوں روڈ اتر کر جب سدرہ کا رخ ہوتا ہے تو دور سے سید بادشاہ کی عظمت کا اعلان کرتا ہوا یہ پُر جلال قبہ زائرین کو خوش آمدید کہتا ہے۔ دیکھنے والی آنکھ اور محسوس کرنے والے قلب یوں محسوس کرتے ہیں کہ گویا اس دنیا سے رخصت ہو کر بھی آپ نے مہمان نوازی اور خندہ پیشانی سے آنے والے کا استقبال کرنا نہیں چھوڑا۔ مزار کے ساتھ ایک وسیع و عریض مسجد ہے اور مسجد میں ایک درسگاہ سید الجامعہ موجود ہے۔ طلباء قرآن کی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ دربار شریف وسیع و عریض رقبے پر مشتمل ہے جسکے گرد ایک فصیل ہے جسکا دروازہ شاہی قلعہ کی طرز پر بنا ہوا ہے اس فصیل کے اندر دیوار کے ساتھ کمروں کی ایک طویل قطار موجود ہے جو عرس کے دنوں زائرین کی رہائش کے لئے استعمال ہوتی ہیں۔ دربار کے ساتھ ایک حوض ہے جہاں بارش کا پانی جمع ہو جاتا ہے اور وضو کیلئے کام آتا ہے زمینی پانی بہت کھاری اور کڑوہ ہے۔ دربار کے ساتھ ایک پختہ حوض بھی تعمیر ہے۔ جہاں عرس کے دنوں ڈیرہ اسماعیل سے ٹینکروں کے ذریعے پانی لایا جاتا ہے۔ ہزاروں کی تعداد میں زائرین پانی کی

Marfat.com

سہولت سے محروم ہیں۔ سجادہ نشیں کی کاوشوں سے چشمہ رائٹ لنک کینال جو ۱۲ کلومیٹر کے فاصلے پر جنوب مغربی علاقے کو سیراب کرتی گزر رہی ہے۔ اس پر لفٹ اریگیشن کینال کا سروے مکمل کر کے حکومت حاضرہ نے سدرہ شریف کو پانی فراہم کرنے کے منصوبے کو حتمی شکل دے دی ہے یہ نہر سدرہ شریف کے شمال مغرب سے گزرے گی ۔ منصوبے کی تکمیل پر تقریباً ساڑھے پانچ لاکھ ایکڑ بارانی رقبہ سرسبز و شاداب ہو جائے گا۔ پینے کے پانی کیلئے پنیالہ کے قریب وانڈہ جمال سے جو کہ ۲۰ کلومیٹر کے فاصلے پر ہے ایک ٹیوب ویل لگا کر بذریعہ پائپ لائن پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ اس منصوبے سے زائرین کی بہت بڑی مشکل حل ہو جائے گی۔

سدرہ کی بستی آج سے تقریباً نصف صدی قبل صرف ۲۰ گھروں پر مشتمل تھی۔ یہاں بالی قوم آباد تھی۔ بالی قوم میں سے خدر اور صدر دو بھائی تھے۔ صدر قوم کا سردار تھا۔ صدر کے نام سے موسوم ہو کر یہ بستی صدر کہلانے لگی اور آہستہ آہستہ یہ نام سدرہ مشہور ہو گیا ۱۹۰۱ء میں یہی نام محکمہ مال کی مثل حقیت پر درج ہو گیا۔ سدرہ کا کل رقبہ ۵۵ ہزار کنال ہے۔ بالی قوم پیر عفیف الدین حسین شاہ کی مرید تھی۔ انہوں نے ایک ہزار کنال بطور نذرانہ آپ کو پیش کی۔ آپ کے وصال کے بعد یہ رقبہ دربار شریف کے نام منتقل ہو گیا۔ دریائے سندھ کے کنارے کوہ سلیمان کے درہ پیزو کی یہ گمنام بستی آج مسلمانان برصغیر کی عظیم زیارت گاہ کا درجہ اختیار کر چکی ہے۔ ہر سال آپ کا عرس مبارک بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے اور پاکستان کے ہر گوشے سے عقیدت مند عرس میں شامل ہو کر آپکی روح کو ایصال ثواب کرتے ہیں۔ قرآن خوانی، ذکر الٰہی اور محفل نعت کے علاوہ منقبت اور تقاریر کی تقاریب انعقاد پذیر ہوتی ہیں۔ پاکستان کے بڑے بڑے علماء اس تقریب میں شرکت اپنی سعادت سمجھتے ہیں۔ (۱۳۳)

Marfat.com

حضرت سید گل بادشاہ جیلانی

آپ سید عفیف الدین حسین کے بیٹے تھے۔ ۴ شعبان ۱۳۱۷ھ بمطابق ۱۸۹۷ء پشاور میں پیدا ہوئے۔ ابتدا ہی سے طبیعت خلوت کی طرف مائل تھی۔ اکثر عبادت میں مصروف رہتے۔ عاجزو انکساری بدرجہ اتم موجود تھی۔ دین کے معاملات میں بہت احتیاط سے کام لیتے۔ فقہی مسائل کو سلجھانے میں مہارت رکھتے تھے۔ ۲۷ سال کی عمر میں ۱۳۴۴ھ میں رحلت فرما کر بیرون یکہ توت پشاور مدفون ہوئے۔ آپ نے اپنے پیچھے ایک بیٹے کو چھوڑا جس کا نام سید احمد شاہ تھا۔ (۱۳۴)

سید احمد شاہ جیلانی

سید احمد شاہ جیلانی، سید گل بادشاہ کے صاحبزادے، سید بادشاہ کے بھتیجے اور شیخی و محترمی سید محمد انور گیلانی نقیب الاشراف دربار عالیہ سدرہ شریف کے والد گرامی تھے۔ آپ ۱۳۳۶ھ بمطابق ۱۹۱۸ء پشاور میں پیدا ہوئے۔ ابھی ۶ سال کی عمر تھی کہ والد محترم اس دنیا سے رخصت ہوگئے آپکی پرورش سید بادشاہ کی آغوش میں ہوئی۔ گوشہ نشینی کو پسند فرماتے، خلوت میں یاد الٰہی میں مصروف رہتے۔ آپکا ہر عمل شریعت کے تابع تھا۔ ریاضت و مجاہدے میں وقت زیادہ گزرتا۔ عوام الناس سے میل جول کم رکھتے، عاجزی وانکساری اور محبت و شفقت طبیعت میں رچی ہوئی تھی۔ آپکے چچا سید بادشاہ جو وقت کے ولی کامل اور نقیب الاشراف تھے۔ آپکو خرقہ خلافت پیش کیا مگر آپ نے معذرت کی۔ اسلئے آپکی زندگی میں ہی سجادہ نشینی کا تاج سیدی و شیخی حضرت علامہ سید محمد انور گیلانی کو عطا کیا گیا۔ ۲۹ محرم ۱۴۰۴ھ بمطابق ۵ نومبر ۱۹۸۳ء، بروز ہفتہ آپ اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ وصال سے چند گھنٹے قبل آپ نے چند حفاظ کرام کو قرآن مجید کی تلاوت کیلئے کہا پھر اپنی اولاد کو چند وصیتیں فرمائیں۔ عقیدت مندوں کو وظائف قادریہ کے ورد کا حکم دیا۔ ذکر کی اس محفل میں خود شامل ہو کر تین بار اللہ اللہ پکارتے اس دنیا سے رخصت ہوگئے۔

آپکی اولاد میں سے ۵ صاحبزادے اور ۴ صاحبزادیاں ہوئے۔ بڑے صاحبزادے سید محمد شاہ جیلانی پشاور میں مقیم ہیں، سید تجمل حسین شاہ، سید منور حسین شاہ، سید محمد انور شاہ جیلانی سجادہ نشیں دربار عالیہ سدرہ شریف اور سید جواد حسین شاہ جیلانی سدرہ شریف مقیم ہیں۔ آپکی صاحبزادیوں میں سے سیدہ بصیرت، سیدہ عابدہ، سیدہ راشدہ ، سیدہ ساجدہ حیات ہیں۔ آپ تقریباً ۔ سال سدرہ شریف میں مقیم رہ کر مخلوق خدا کو اسلام کی تبلیغ کرتے رہے اور عقیدت مندوں کو فیوض و برکات سے نوازتے رہے۔ (۱۳۵)

Marfat.com

سید محمد انور شاہ گیلانی سجادہ نشیں دربار عالیہ قادریہ رزاقیہ سدرہ شریف

آپ ۸-۷-۱۳۷۷ھ بمطابق ۱۹۵۷ء محلہ میر جمال شاہ کوچہ بغدادیہ پشاور شہر میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد گرامی اور اپنے دادا حضرت سید بادشاہ سے حاصل کی۔ روحانی پرورش ولی کامل سید بادشاہ کی آغوش میں پائی۔ دنیاوی تعلیم کیلئے سکول میں داخلہ لیا، طبعت دینی علوم کی طرف مائل تھی اسلئے دارالعلوم غوثیہ معظیہ بیرون یکہ توت پشاور جس کے بانی پاکستان کے معروف عالم دین علامہ پیر محمد چشتی تھے، داخل ہوگئے۔ تنظیم المدارس کا امتحان امتیازی پوزیشن میں پاس کیا۔ یہاں سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد کچھ عرصہ الازہر یونیورسٹی میں رہے اور پھر احیائے دین کیلئے اپنے آپکو وقف کر دیا۔ ۱۳ سال کی عمر میں سید بادشاہ نے خرقۂ خلافت عطا فرمایا۔ آپ نے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے دین اسلام کی تبلیغ کا آغاز کیا۔ آپ سید بادشاہ کی ہو بہو شبیہ اور ہمشکل ہیں۔ آپ کی زیارت کرکے دل کو سکون ملتا ہے۔ آپ شرم و حیا کا پیکر اور سنت نبوی کا عملی نمونہ ہیں۔ آپ کے شانوں پہ گھنگھریالے بال، سرخ و سپید کھلتے چہرے پر خوبصورت سنت کے عین مطابق داڑھی، سر پر سید بادشاہ کی [illegible] اور جسم اقدس پر غوثیہ جبہ ہر دیکھنے والی آنکھ کو اپنا گرویدہ بنالیتا ہے۔ آپ محبت و شفقت اور خلق محمد ﷺ کا پیکر [illegible] ہیں۔ چھوٹے بڑے ادنیٰ و اعلیٰ کا کھڑے ہو کر استقبال کرتے ہیں۔ عاجزی و انکساری آپکو وراثت میں ملی ہے۔ [illegible] تبلیغی دورے پر بیرون ملک جاتے ہیں۔ درگاہ غوثیہ، ایران و عراق اور مصر و شام کے بعد [illegible] اکرم ﷺ پر حاضری ہوتی ہے۔ آپکے ہمراہ عقیدت مندوں کا ایک قافلہ بھی ہوتا ہے۔ آپ [illegible] پنجابی میں روانی سے خطاب فرماتے ہیں۔ آپکے مواعظ دلنشین اور اثر آفریں ہوتے ہیں۔ [illegible] پڑھتے ہیں۔ ڈیرہ اسمٰعیل خان سے لوگ آ [illegible] تلاوت [illegible] لوگ صبح کی نماز آپکی امامت میں ادا کرتے ہیں۔ نماز فجر کے بعد آپ [illegible] والا ہر بول دل میں اتر جاتا ہے۔ آپ [illegible] اپنے مہمانوں کیلئے ایک خوبصورت [illegible] میں ہوتا ہے۔ [illegible] عقیدت مند ہزاروں کی تعداد میں جمع ہوتے ہیں۔ [illegible] ہدیہ تبریک پیش [illegible] جامع مسجد [illegible]

Marfat.com

گا۔ آپ ہر سال گیارہوں شریف کی تقریب کے علاوہ غوث الاعظم کانفرنس کا اہتمام بھی کرتے ہیں۔ یہ عموماً لاہور شہر کے الحمرا ہال یا جناح ہال میں منعقد ہوتی ہے۔ اس کانفرنس میں ریسرچ سکالرز سید نا شیخ عبد القادر جیلانی کی حیات طیبہ اور تعلیمات پر مقالاجات پڑھتے ہیں بعد ازیں آپکا خطاب ہوتا ہے۔

